Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 15 | جمعرات، 6 مارچ 2025ء، 5 رمضان المبارک 1446ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 315

پھاٹا کی سابقہ 23 ہاؤسنگ سکیموں کی بہتری اور بحالی کا حکم

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی پھاٹا کو مارچ تک ہدف پورا کرنے اور ہاؤسنگ سکیموں کی بحالی کیلئے فنڈز جاری کرنے کیلئے اقدامات کی ہدایت

بے گھر عوام کیلئے چھت فراہم کرنے کی بہت فکر ہے، پانچ سال میں پانچ لاکھ گھر بنانے کا ہدف پورا کرنے کے لئے پرعزم ہیں' مریم نواز شریف

وزیراعظم محمد شہباز شریف پولیو کے خاتمے کی مہم کے حوالے سے جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے 19 اضلاع میں پھاٹا کی سابقہ 23 ہاؤسنگ سکیموں کی بہتری اور بحالی کا حکم دے دیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت فری پلاٹ سکیم کے بارے میں خصوصی اجلاس منعقد ہوا جس میں 3 مرلہ فری پلاٹ سکیم سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں فری پلاٹ حاصل کرنے والے افراد کو گھر بنانے کے لئے قرض دینے کا بھی (بقیہ نمبر 1)

وفاق، صوبوں کے تعاون سے ہی پولیو کا مکمل خاتمہ ممکن ہوگا

وزیراعظم شہباز شریف کا ملک سے پولیو کے مکمل خاتمے کے عزم کا اعادہ

پولیو متعلق ڈیٹا کو ڈیجیٹلائز کرنے اور سخت مانیٹرنگ کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے ملک سے پولیو کے مکمل خاتمے کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ وفاق اور صوبوں کے تعاون سے ہی پولیو کا مکمل خاتمہ ممکن ہو گا۔ بدھ کو وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت انسداد (بقیہ نمبر 2)

ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن ججز کی نئی سنیارٹی لسٹ مرتب

2 ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن ججز کی سنیارٹی برقرار 10 کی سنیارٹی میں ایک درجہ، ایک جج کی سنیارٹی میں دو درجے اضافہ

لاہور (این این آئی) چار سیشن ججز کی ہائیکورٹ میں تعیناتی اور ایک کی ریٹائرمنٹ کے بعد سنیارٹی از سر نو مرتب کر لی گئی، نئی سنیارٹی لسٹ کے مطابق پنجاب میں سیشن ججز کی تعداد 147 رہ گئی، سیشن ججز کی سنیارٹی لسٹ (بقیہ نمبر 3)

نئے تعینات ہونیوالے 4 ایڈیشنل ججز نے حلف اٹھالیا

چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس عالیہ نیلم نے حلف لیا، راجہ غضنفر علی خان، تنویر احمد شیخ، طارق محمود باجوہ اور عبہر گل خان شامل

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ میں نئے تعینات ہونے والے 4 ایڈیشنل ججز نے حلف اٹھا لیا۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس عالیہ نیلم نے نئے تعینات ہونے والے ایڈیشنل ججز سے حلف لیا، (بقیہ نمبر 5)

8 ملکوں سے مزید 19 پاکستانی کو بے دخل کر دیا گیا

بلیک لسٹ، ویزا منسوخی، امیگریشن مسائل اور معاہدے کی خلاف ورزی پر 11 پاکستانیوں کو بے دخل کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات سمیت 8 ملکوں سے 24 گھنٹوں کے دوران مزید 19 پاکستانیوں کو بے دخل کیا گیا۔ امیگریشن ذرائع کے مطابق بلیک لسٹ، ویزا منسوخی، امیگریشن (بقیہ نمبر 4)

لاہور: وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو پنجاب ہاؤسنگ اینڈ ٹاؤن پلاننگ ایجنسی کے اجلاس میں بریفنگ دی جارہی ہے

بنوں کینٹ پر دہشتگرد حملہ ناکام

16 دہشتگرد ہلاک

5 جوان شہید

دھماکوں اور فائرنگ سے قریب واقع ایک مسجد، رہائشی عمارت کے متاثر ہونے سے 13 بے گناہ شہری شہید، 32 زخمی ہوگئے، آئی ایس پی آر توقع ہے افغان حکومت اپنی سرزمین پاکستان کیخلاف استعمال ہونے سے روکے گی، بیان

جام شہادت نوش کرنیوالے سکیورٹی فورسز کے 5 جوانوں کو خراج عقیدت، سکیورٹی فورسز نے اپنی جان پر کھیلتے ہوئے دہشتگردوں کے مذموم مقاصد کو ناکام بنادیا اور ملک کو ایک بڑے نقصان سے بچایا، شہباز شریف

راولپنڈی/بنوں (این این آئی) سکیورٹی فورسز نے خیبر پختونخوا کے ضلع بنوں کے علاقے کینٹ میں بزدلانہ دہشت گرد حملہ ناکام بنا کر 16 حملہ آوروں کو ہلاک کر دیا جبکہ شدید جھڑپ کے دوران 5 بہادر فوجی مادر وطن پر قربان ہوگئے۔ آئی ایس پی (بقیہ نمبر 17)

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے بنوں چھاؤنی پر ناکام حملے میں ملوث فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کے خلاف کامیاب آپریشن پر (بقیہ نمبر 8)

پاکستان امریکا کیساتھ قریبی شراکت داری جاری رکھے گا، وزیراعظم

افغانستان میں انسداد دہشتگردی کی کوششوں میں پاکستان کے کردار کو تسلیم کرنے پر صدر ٹرمپ کا شکریہ ادا کرتے ہیں

پاکستان دہشت گردی کے خاتمے کے لیے اپنی جدوجہد میں ثابت قدم اور پرعزم ہے، وزیراعظم شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان خطے میں امن و استحکام کے لیے امریکا کے ساتھ قریبی شراکت داری جاری رکھے گا۔ سماجی رابطوں کے پلیٹ فارم ایکس (سابقہ ٹوئٹر) پر اپنے بیان میں وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے افغانستان میں انسداد دہشت گردی کی کوششوں میں پاکستان کے کردار اور حمایت (بقیہ نمبر 10)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف سے معاون خصوصی ہارون اختر ملاقات کررہے ہیں

ملٹری کورٹ پر اعتراض ہے کہ ٹرائل غیر جانبدار نہیں ہوتا، جسٹس محمد علی مظہر

آپ ملٹری کورٹ کو عدلیہ تسلیم کرتے ہیں تو اس کے نتائج کچھ اور ہوں گے، ریمارکس

اسلام آباد (این این آئی) فوجی عدالتوں میں سویلینز کے ٹرائل سے متعلق کیس کی سماعت کے دوران جسٹس محمد علی مظہر نے کہا ہے کہ ملٹری کورٹ پر ایک (بقیہ نمبر 18)

رمضان پیکیج سے اضافی رقم لینے کے واقعہ کا سخت نوٹس، کارروائی کا آغاز

قصور، بھکر اور گجرانوالہ میں کارروائی، تین ملزمان کو گرفتار اور غیر قانونی دھندے میں ملوث ایجنٹس بلیک لسٹ کر دیئے گئے

رمضان پیکج حاصل کرنے والوں کو ایسی کسی بھی شکایت پر 0800-02333 پر فری کال کر کے شکایات درج کرائیں' مریم نواز شریف

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر رمضان پیکج پر اضافی رقم لینے والوں کے خلاف سخت ترین کارروائی کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ قصور، بھکر اور گجرانوالہ میں کارروائی کے دوران تین ملزمان کو گرفتار کیا گیا اور غیر قانونی دھندے میں ملوث ایجنٹس بلیک لسٹ کر دیئے گئے۔ قصور میں 10 ہزار روپے رمضان پیکج کی رقم پر 500 روپے غیر قانونی طور پر لینے والا ملزم بلال کو گرفتار کر لیا گیا۔ پولیس نے مکہ موبائل شاپ اور بھکر میں ایلفا ریٹیلر سیل کر دیں، ملزمان پر مقدمات درج کر لیا اور مشینیں بھی تحویل میں لے لیں گئی۔

وزیر زراعت ولائیسٹاک پنجاب سید عاشق حسین ایگریکلچر ہاؤس میں منعقدہ مشاورتی اجلاس سے خطاب کررہے ہیں

پی ٹی آئی کے 52 کارکنوں کی ضمانت منظور، رہائی کا حکم

بادی النظر میں ملزمان کیخلاف مزید انکوائری کا کیس ہے، انسداد دہشتگردی عدالت

اسلام آباد (این این آئی) انسداد دہشت گردی عدالت اسلام آباد نے 26 نومبر احتجاج کے دوران توڑ پھوڑ اور دیگر الزامات سے متعلق کیسز میں پاکستان تحریک (بقیہ نمبر 20)

میزان بینک اور پیونیر کے درمیان معاہدہ

کراچی (این این آئی) دنیا کی ممتاز فنانشل ٹیکنالوجی کمپنی پیونیر (Payoneer) نے پاکستان کے چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں، (بقیہ نمبر 7)

حکومت نے پنشن بارے بڑی تبدیلیاں کردیں، نوٹیفکیشن جاری

موجودہ پنشنرز کیلئے بھی پنشن میں اضافے کا نیا طریقہ کار طے کردیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت کی جانب سے پنشن کیلکولیشن کے اصولوں میں بڑی تبدیلی کردی گئی ہے اور متعدد شرائط بھی عائد کردی گئیں۔ وفاقی حکومت نے پنشن کی حد بندیوں پر نیا نوٹیفکیشن جاری کردیا اور اس میں کہا گیا ہے کہ پنشن کا (بقیہ نمبر 6)

نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کی زیر صدارت کابینہ کمیٹی کا اجلاس

کابینہ کمیٹی کی گندم پالیسی برائے ربیع 2024-25 کی رپورٹ پیش، گندم کی متوقع پیداوار و قومی ضروریات کا تفصیلی جائزہ

وزارت نیشنل فوڈ سکیورٹی اینڈ ریسرچ کا زرعی معیشت کو مستحکم کرنے، غذائی تحفظ کو یقینی بنانے، کاشتکاری شعبے میں ترقی کو فروغ دینے کے حکومتی عزم کا

اسلام آباد (این این آئی) وزارت نیشنل فوڈ سکیورٹی اینڈ ریسرچ نے اصلاحی اقدامات کے ذریعے زرعی معیشت کو مستحکم کرنے، غذائی تحفظ کو یقینی بنانے اور کاشتکاری کے شعبے میں ترقی کو فروغ دینے کے حکومتی عزم کا اعادہ کیا ہے۔ بدھ کو نائب وزیراعظم اسحٰق ڈار کی زیر صدارت کابینہ کمیٹی برائے ضروری فصلوں کا اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں وزارت نیشنل فوڈ سکیورٹی اینڈ ریسرچ ٹیم کی (بقیہ نمبر 9)

عاطف اکرام شیخ دیامر بھاشا ڈیم کے متاثرین کے لیے معاوضے کے مطالبات پر اجلاس میں شریک ہیں

حکومت کا ہر دن ترقی و عوام کیلئے خوشخبریاں لے کر طلوع ہوا' مریم اورنگزیب

لاہور (این این آئی) سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ نواز شریف کی رہنمائی میں مسلم لیگ (ن) کی حکومت کے 365 دن کا ہر روز، ہر لمحہ پاکستان کی ترقی اور عوام کے ریلیف کی خوش خبریاں لے کر طلوع ہوا۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں گزرے ایک سال پاکستان نے مایوسی سے اعتماد، (بقیہ نمبر 11)

سرگودھا، موٹر سائیکل سوار خاتون سمیت چار افراد جاں بحق

سرگودھا (این این آئی) ٹریفک حادثات میں موٹر سائیکل سوار خاتون سمیت چار افراد جاں بحق ہو گئے جن کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا اور پولیس متوفین کی نعشیں ضروری کاروائی کے بعد ورثا کے سپرد کر کے مصروف تفتیش ہے۔ زرائع کے مطابق سرگودھا سے سلانوالی روڈ کے چک 133 جنوبی کے قریب ڈمپر (بقیہ نمبر 19)

مین پی سی بی محسن نقوی، بھارت سمیت دیگر ممالک کے بورڈ حکام قذافی اسٹیڈیم میں نیوزی لینڈ اور جنوبی افریقہ کے درمیان چیمپئنز ٹرافی کا سیمی فائنل میچ دیکھ رہے ہیں

سردار ایاز صادق کی بنوں کینٹ پر دہشتگرد حملے کی شدید مذمت

دہشتگرد عناصر ملک و قوم کے دشمن ہیں اور ملک کے امن کو سبوتاژ کرنے کی مذموم سازش کر رہے ہیں

اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے حملے میں زخمی ہونے والے افراد کی جلد صحتیابی کے لیے دعا کی

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے گزشتہ شب بنوں کینٹ پر ہونے والے دہشتگرد حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے اسے بزدلانہ اور ملک دشمن کارروائی قرار دیا ہے۔ انہوں نے اس افسوسناک واقعے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے حملے میں زخمی ہونے والے افراد کی جلد صحتیابی کے لیے دعا کی۔ اسپیکر قومی اسمبلی (بقیہ نمبر 12)

ملٹری کورٹ کو عدلیہ تسلیم کرتے ہیں تو اس کے نتائج کچھ اور ہوں گے، ریمارکس

پی ٹی آئی کے 52 کارکنوں کی ضمانت منظور، رہائی کا حکم

سرکاری محکموں کو این او سی کا اجراء آسان بنانے کا حکم

این او سی کے اجراء کیلئے غیر متعلقہ کاغذات کی طلبی کا کوئی جواز نہیں' چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان

ناجائز منافع خوروں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رکھا جائے، کارروائیوں کی رپورٹ روزانہ بھجوائی جائے

لاہور (این این آئی) چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان نے سرکاری محکموں کو این او سی کا اجراء آسان بنانے کا حکم دیتے ہوئے کہا ہے کہ ای بز پورٹل پر کاروباری افراد، شہریوں کیلئے این او سی کے آن لائن حصول کے عمل کو سادہ بنایا جائے گا، ناجائز منافع خوروں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رکھا جائے اور گراں فروشوں کے خلاف کارروائیوں سے متعلق رپورٹ روزانہ کی بنیاد پر بھجوائی جائی۔ چیف (بقیہ نمبر 21)

دہشتگردی کی لہر انٹیلی جنس ایجنسیوں کی ناکامی ہے، عمر ایوب

ان ایجنسیوں کا دھیان صرف پاکستان تحریک انصاف پر ہے، اپوزیشن لیڈر

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر اور پی ٹی آئی کے سینئر رہنما عمر ایوب نے کہا ہے کہ بنوں کینٹ اور بلوچستان میں جو دہشت گردی کے واقعات ہوئے ہیں، ان کی مذمت کرتا ہوں، دہشت گردی کی جو لہر ہے یہ تمام انٹیلیجنس ایجنسیوں کی ناکامی ہے، ہمارا مطالبہ ہے کہ ان ایجنسیوں کے افسران کا کورٹ مارشل ہونا چاہیے۔ (بقیہ نمبر 22)

داتا دربار انتظامیہ کا نشے کے عادی افراد کو دور رکھنے کیلئے جنگلہ لگانے کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) داتا دربار انتظامیہ نے نشے کے عادی افراد کو دربار کے سامنے فٹ پاتھ پر جمع ہونے سے روکنے کے لیے ایک موثر قدم اٹھایا ہے۔ انتظامیہ نے فٹ پاتھ پر جنگلہ لگانا شروع کر دیا ہے تاکہ نشے کے عادی افراد کو وہاں سونے سے روکا جا (بقیہ نمبر 23)

پیکا ترمیمی ایکٹ 2025: پنجاب حکومت اور پی ٹی اے سے جواب طلب

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے پیکا ترمیمی ایکٹ 2025 کے خلاف درخواستوں پر پنجاب حکومت اور پی ٹی اے سے جواب طلب کر لیا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس فاروق حیدر نے پیکا ترمیمی ایکٹ 2025 کے خلاف دائر درخواستوں پر سماعت (بقیہ نمبر 25)

200 مالیت کے پرائز بانڈز کی قرعہ اندازی 17 مارچ کو ہوگی

لاہور (این این آئی) 200 روپے مالیت کے پرائز بانڈز کی قرعہ اندازی 17 مارچ کو فیصل آباد میں ہو گی۔ اس قرعہ اندازی کا پہلا انعام ساڑھے 7 لاکھ روپے کا ایک، دوسرے انعام میں ڈھائی لاکھ روپے کے پانچ جبکہ تیسرے انعام میں 1250 روپے کے 239 انعامات کامیاب خوش نصیبوں میں تقسیم ہوں گے۔

پشاور ہائیکورٹ کا پی ٹی آئی رہنما فیصل جاوید کو گرفتار نہ کرنے کا حکم

فیصل جاوید کیخلاف اسلام آباد میں 16 ایف آئی آرز درج ہیں، ڈپٹی اٹارنی جنرل

پشاور (این این آئی) پشاور ہائیکورٹ نے پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رہنما سینیٹر فیصل جاوید کو حفاظتی ضمانت دے دی۔ سینیٹر فیصل جاوید کی مقدمات تفصیلات کے لئے دائر درخواست پر پشاور ہائی کورٹ کے جسٹس صاحبزادہ اسد اللہ اور جسٹس ثابت اللہ نے سماعت کی۔ عدالت نے فیصل جاوید کو درج مقدمات میں گرفتار (بقیہ نمبر 24)

شائقین کرکٹ قذافی اسٹیڈیم میں نیوزی لینڈ اور جنوبی افریقہ کے درمیان چیمپئنز ٹرافی کا سیمی فائنل میچ دیکھ رہے ہیں

ڈمپر ڈرائیور نے لوٹنے کی کوشش کرنے والے ڈاکو کو کچل ڈالا

کراچی (این این آئی) منگھوپیر میں ڈمپر ڈرائیور نے لوٹنے کی کوشش کرنے والے ڈاکو کو کچل ڈالا، مارے گئے مبینہ ڈکیت کے پاس سے اسلحہ اور موٹر سائیکل برآمد ہوئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق کراچی کے علاقے منگھوپیر میں ڈمپر ڈرائیور نے ایک (بقیہ نمبر 13)

سکھر، حیدرآباد موٹروے منصوبے کی تکمیل اولین ترجیح

این ایچ اے کی آمدن کو ترقیاتی منصوبوں میں موثر استعمال کیلئے حکمت عملی تیار

کراچی (این این آئی) ایس آئی ایف سی کی معاونت سے ایم 12-، ایم 6- اور ایم 13- موٹروے منصوبوں کی جلد تکمیل کے لیے اقدامات تیز کردیئے۔ نیشنل ہائی وے اتھارٹی (این ایچ اے) کی آمدن کو ترقیاتی منصوبوں میں موثر استعمال (بقیہ نمبر 26)

بنوں حملے میں شہادتیں 12 اور زخمیوں کی تعداد 32 ہوگئی

فتنہ الخوارج کے باقی ماندہ خارجیوں کا فون پر افغانستان سے رابطہ ہے، ذرائع

بنوں (این این آئی) بنوں میں فتنہ الخوارج کے حملے میں شہادتیں 12 اور زخمیوں کی تعداد 32 ہو گئی جب کہ ریسکیو آپریشن مکمل کر لیا گیا ہے۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق فتنہ الخوارج کے بنوں کینٹ پر حملے کے نتیجے میں معصوم شہریوں کی شہادتوں کی تعداد (بقیہ نمبر 27)

وزیر صنعت وتجارت پنجاب چوہدری شافع حسین ماڈل بازار گجرات کے دورے کے موقع پر اشیاء ضروریہ کے معیار کا جائزہ لے رہے ہیں

کوئٹہ گیس لیکیج دھماکے میں خاتون سمیت 3 افراد جھلس گئے

کوئٹہ (این این آئی) گیس لیکیج دھماکے میں خاتون سمیت تین افراد جھلس گئے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق کوئٹہ میں جوائنٹ روڈ پر ایک گھر میں گیس لیکیج کے باعث زوردار دھماکا ہوا۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق دھماکا ریلوے کیرج کلینز عمران کے کوارٹر میں ہوا۔ گیس لیکیج دھماکے سے ریلوے کوارٹر کی دیواریں (بقیہ نمبر 14)

راجہ ازکار بھٹی کا معززین شہر اور صحافتی برادری کے ہمراہ گروپ فوٹو

راجہ ازکار بھٹی کو عمرہ کی سعادت حاصل کرنے پر مبارکباد پیش

پوٹھوہار پریس کلب گوجر خان کے سابق صدر کے ہمراہ دوستوں نے انکو مبارکباد دی

گوجر خان (قمر شہزاد) معروف سماجی شخصیت راجہ ازکار بھٹی کو عمرہ کی سعادت حاصل کرنے پر اہل علاقہ، معززین شہر اور صحافتی برادری کی جانب سے دلی مبارکباد پیش کی گئی۔ راجہ ازکار بھٹی، جو کہ گوجر خان مسہ کسوال کی ایک جانی پہچانی سماجی شخصیت ہیں، ہمیشہ علاقہ مکینوں کی فلاح و بہبود کے لیے سرگرم عمل رہتے ہیں گوجر خان پوٹھوہار (بقیہ نمبر 15)

غیر فعال پاور پلانٹس سے چھٹکارا پا کر بھی معیشت کو مضبوط بنانے کے اقدامات کئے جارہے ہیں

جن میں جامشورو، سینٹرل پاور جنریشن کمپنی، گڈو، نادرن پاور جنریشن کمپنی، مظفر گڑھ اور لاکھڑا پاور جنریشن کمپنی شامل ہیں

ان کے علاوہ کوٹری، کوئٹہ، سکھر، ملتان اور فیصل آباد اور لاہور میں بھی جنریشن کمپنیوں کو بولی کیلئے پیش کیا گیا ہے

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) GENCO ہولڈنگ کمپنی لمیٹڈ نے غیر فعال پبلک سیکٹر پاور پلانٹس سے چھٹکارا پانے کا عمل شروع کر دیا ہے۔ جن میں جامشورو، سینٹرل پاور جنریشن کمپنی، گڈو، نادرن پاور جنریشن کمپنی، مظفر گڑھ اور لاکھڑا پاور جنریشن کمپنی شامل ہیں۔ ان کے علاوہ کوٹری، کوئٹہ، سکھر، ملتان اور فیصل آباد اور لاہور میں بھی جنریشن کمپنیوں کو بولی کیلئے پیش کیا گیا ہے 05 مارچ کو تکنیکی پیشکش کھولی گئیں۔ غیر فعال پاور کمپنیوں کو بولی کے ذریعہ فروخت کرنے کے عمل کو شفاف رکھنے کیلئے GENCO نے عیپاک کو بطور کنسلٹنٹ مقرر کیا ہے۔

GENCO ہولڈنگ کمپنی لمیٹڈ نے غیر فعال پبلک سیکٹر پاور پلانٹس سے چھٹکارا پانے کا عمل شروع کر دیا ہے

ایڈووکیٹ جنرل پنجاب امجد پرویز نے عہدے کا چارج سنبھال لیا

لاء افسران اور ملازمین نے ایڈووکیٹ جنرل پنجاب امجد پرویز کو پھول پیش کئے

ین این آئی) ایڈووکیٹ جنرل پنجاب امجد پرویز نے عہدے کا چارج سنبھال لیا۔ آفس پہنچنے پر لاء افسران اور ملازمین نے ایڈووکیٹ جنرل پنجاب امجد پرویز کو پھول پیش کئے۔ اس موقع پر نئے ایڈووکیٹ جنرل پنجاب امجد پرویز نے خصوصی گفتگو کرتے (بقیہ نمبر 28)

گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج آف کامرس مری میں نئے پرنسپل کی تعیناتی

پروفیسر نصیر عباسی ادارے کی ترقی اور تعلیمی سہولیات کے لئے بھرپور اقدامات کرینگے

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج آف کامرس، سنی بینک، مری میں معروف ماہر تعلیم پروفیسر رضوان نصیر عباسی نے بطور انچارج پرنسپل چارج سنبھال لیا۔ وہ گزشتہ 20 سالوں سے اسی ادارے میں تدریسی خدمات سر انجام (بقیہ نمبر 16)

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar
عوام کی بے ساختہ للکار

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

مہنگائی میں کمی! وزیراعظم کا کریڈٹ

وزیراعظم شہباز شریف نے کنزیومر پرائس انڈیکس کے حوالے سے افراط زر میں مسلسل کمی پر اظہار اطمینان کرتے ہوئے کہا ہے کہ معیشت کی بہتری، کاروبار اور سرمایہ کاری کے فروغ کے لئے تمام ادارے مل کر کام کر رہے ہیں، امید ہے کہ افراط زر میں مزید کمی ہوگی۔ یہ امر انتہائی خوش آئند ہے کہ افراط زر کی شرح فروری 2025ء میں 1.5 فیصد تھی جو ستمبر 2015ء کے بعد سب سے کم شرح افراط زر ہے، جولائی 2024ء سے فروری 2025ء تک افراط زر کی اوسط شرح 5.9 فیصد تک رہی جبکہ پچھلے مالی سال میں اسی عرصہ میں یہ 28 فیصد تھی جو ایک نمایاں کمی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی معاشی ٹیم کی شاندار کاوشوں کی بدولت معاشی اشاریے ہر گزرتے دن کے ساتھ بہتر ہو رہے ہیں۔ میکرو اکنامک معاشی بہتری کا فائدہ عوام تک پہنچنا شروع ہو گیا ہے۔ دوسری جانب وفاقی ادارہ شماریات کی جاری کردہ ماہانہ رپورٹ کے مطابق فروری میں مہنگائی میں اضافے کی رفتار حکومتی تخمینوں سے بھی نیچے آ گئی، سالانہ بنیاد پر فروری میں مہنگائی میں اضافے کی رفتار 1.52 فیصد ریکارڈ کی گئی۔

ایک رپورٹ کے مطابق معاشی اعتبار سے 2024ء کو پاکستان کیلئے بہتر سال قرار دیا گیا جبکہ عالمی ریٹنگ ایجنسی فچ اور ایشیائی ترقیاتی بنک بھی پاکستانی معیشت میں بہتری پیدا ہونے کا اعتراف کر چکے ہیں۔ گزشتہ سال عالمی مالیاتی ادارہ (آئی ایم ایف) بھی پاکستانی معیشت کے استحکام کی طرف گامزن ہونے پر اطمینان کا اظہار کر چکا ہے۔ ان رپورٹوں کے تناظر میں ہی حکومت معیشت کی بحالی کا کریڈٹ لیتی رہی ہے اور قوم کو یہ نوید بھی سنائی جاتی رہی ہے کہ معیشت کی بحالی کے ثمرات عوام تک پہنچنا شروع ہو گئے ہیں جو حوصلہ افزاء صورتحال ہے تاہم عوام پر مصنوعی مہنگائی لادنے والے مافیاز نے عوام کو مہنگائی میں ریلیف دینے کا حکومتی عزم خاک میں ملانے کا تہیہ کر رکھا ہے۔ ماہ رمضان المبارک کے آغاز ہی میں اشیائے خورد و نوش کا جستیں بھرنا اس کا بیّن ثبوت ہے۔ اس صورتحال میں عام آدمی کیلئے دو وقت کی روٹی کا حصول بھی مشکل ہو چکا ہے جبکہ بجلی اور گیس کے بھاری بلوں کی ادائیگی بھی عوام پر اضافی بوجھ ہے۔ حکومت کو اپنی گورننس کا بھی جائزہ لینا چاہیے کہ کہیں طاقتور مافیا حکومتی کوششوں کو برباد تو نہیں کر رہا کیونکہ مہنگائی کی کمی سے عوام مستفید ہونگے تو خوشحال معاشرے کے تصور پختہ ہوگا۔ محض دعوؤں اور رپورٹوں سے عوام ہرگز مطمئن نہیں ہو پائیں گے۔

" کرکٹ کا جنازہ ہے ذرا دھوم سے نکلے گا"

تحریر: اعجاز علی ساغر اسلام آباد
Twitter: @IjazAliSagharPK

چیمپئنز ٹرافی اپنے اختتام کی جانب بڑھ رہی ہے جس کا میزبان پاکستان تھا اور بدقسمتی سے پاکستان کوئی میچ بھی نہ جیت سکا بھلا ہو بارش کا جس نے بنگلہ دیش کیخلاف ایک پوائنٹ دلا دیا ورنہ یہ میچ بھی ہم ہار جاتے پوری چیمپئنز ٹرافی میں کھلاڑیوں کی باڈی لینگویج تھکی تھکی لگی بیٹنگ، باؤلنگ، فیلڈنگ تینوں شعبوں پاکستانی ٹیم فلاپ نظر آئی پھر سونے پہ سہاگہ عبوری کوچ عاقب جاوید کی پریس کانفرنس تھی جس میں وہ کھلاڑیوں کا دفاع کرتے نظر آئے ظاہر ہے انہوں نے تو اپنی نوکری بچانی تھی پریس کانفرنس کے دوران انہوں نے عجیب منطق پیش کی کہ تمام پلیئر زکو ملا کر بھی چار سو ون ڈے میچ نہیں بنتے ہماری ٹیم ابھی ناتجربہ کار ہے سیکھنے سے مراحل سے گزر رہی ہے یہی منطق کپتان محمد رضوان نے پیش کی کہ ہم ہارے بھی سیکھتے ہیں اور مزید سیکھ رہے ہیں بندہ ان سے پوچھے کہ آپ کب تک سیکھیں گے یہ قوم لاکھوں، کروڑوں روپے آپ کے سیکھنے کیلئے نہیں دیتے بلکہ جیتنے کیلئے اپنے خون پسینے کی محنت سے ہر ماہ ادا کرتے ہیں۔

راقم یہ کالم ایک دو روز پہلے لکھ لیتا مگر دورہ نیوزی لینڈ کیلئے ٹیم کے اعلان کا انتظار کر رہا تھا تاکہ قارئین کو سب کچھ بتایا جا سکے کہ کرکٹ کے نام پہ قوم کیساتھ کیسا کیسا کھلواڑ کیا جا رہا ہے ٹیم کا اعلان ہو چکا ہے ٹی ٹوئنٹی اسکواڈ میں محمد رضوان کو کپتانی سے ہٹا دیا گیا ہے اور ان کی جگہ سلمان علی آغا کو کپتان بنایا گیا ہے جبکہ نائب کپتان اس کھلاڑی کو بنایا گیا ہے جسے تقریباً ایک سال سے ٹیم سے باہر رکھا ہوا ہے جی ہاں بات ہو رہی ہے بہترین آل راؤنڈر شاداب خان کی جنہوں نے اپنی بہترین آل راؤنڈ پرفامنس کی وجہ سے لاکھوں شائقین سے بار ہا داد سمیٹی ہے اس کے علاوہ وہ ایک بہترین فیلڈر بھی ہیں مگر گروپ بندی کی وجہ سے اس نوجوان کا کیریئر تباہ کرنے کی کوشش کی گئی ہے بالکل اسی طرح سے جس طرح سے محمد عامر، عماد وسیم، عمر اکمل، شرجیل خان، حیدر علی، عثمان خان، افتخار احمد، ماضی میں عاصم کمال، عمران نذیر اور نہ جانے کتنے ٹیلنٹڈ کھلاڑیوں کو نظر انداز کر کے گمنامی کی زندگی میں بھیج دیا گیا جب چیمپئنز ٹرافی سے قومی ٹیم ہاری تو قیاس آرائیاں کی جا رہی تھیں کہ ٹیم میں بڑی سرجری کی جائے گی اور ٹیم میں گروپ بندی کے تاثر کو بالکل ختم کر دیا جائے گا یہ گروپ بندی کوئی اب سے نہیں ہے راقم وسیم اکرم، وقار یونس اور معین خان کے دور سے کرکٹ کو دیکھ رہا ہے اور یہ گروپ بندی اس سے پہلے کی ہے اور اسکی وجہ سے سفارشی کلچر اور بورڈ میں سیاسی تعیناتیاں شامل ہیں۔

ٹی ٹوئنٹی اسکواڈ میں باقی کھلاڑیوں میں شاہین شاہ آفریدی، حارث رؤف، عبدالصمد، حسن نواز، خوشدل شاہ، محمد حارث، جہانداد خان، محمد علی، عمیر بن یوسف، سفیان مقیم، عثمان خان، محمد عباس آفریدی اور محمد عرفان خان شامل ہیں جبکہ ون ڈے اسکواڈ میں کپتان محمد رضوان، سلمان علی آغا (نائب کپتان) عاکف جاوید، ابرار احمد، عبداللہ شفیق، بابر اعظم، فہیم اشرف، خوشدل شاہ، امام الحق، طیب طاہر، محمد علی، نسیم شاہ، محمد عرفان خان، وسیم جونیئر اور سفیان مقیم شامل ہیں، ان دونوں فارمیٹس کیلئے اسکواڈ میں چند ایک نئے چہرے متعارف کروا کر یا تگڑے سفارشیوں کو شامل کر کے چیمپئنز ٹرافی میں ہار کے داغ کو دھونے کی کوشش کی گئی ہے جو قوم کی آنکھوں میں دھول جھونکنے کے مترادف ہے اسکواڈ پر بات کرنے سے پہلے ذرا کوچنگ اسٹاف پر نظر دوڑاتے ہیں پچھلی لگاتار فلاپ سیریز کے باوجود ہیڈ کوچ عاقب جاوید کو برقرار رکھا گیا ہاں بس ان کے نام کیساتھ عبوری کوچ لگا دیا گیا ہے بیٹنگ کوچ محمد یوسف کو بنایا گیا ہے جو ایک اچھا فیصلہ ہے فیلڈنگ کوچ مسرور احمد جن کے نام سے شاید نئی جنریشن واقف ہوں ان کے بطور فیلڈنگ کوچ کون سی ایسی خدمات ہیں جن کو دیکھ کر انہیں فیلڈنگ کوچ بنایا گیا، باؤلنگ کوچ اظہر محمود کو بنایا گیا ہے جو اس ٹیم کیساتھ زیادتی ہے یہ نوازنے کا سلسلہ بند ہونا چاہیے عاقب جاوید گزشتہ دو دہائیوں سے کسی نہ کسی طرح بورڈ سے چمٹے ہوئے ہیں اب ان کو ریسٹ دینا چاہیے خدارا ان سے جان چھڑا لیں، باؤلنگ کوچ اظہر محمود کو بھی واپس کونٹی کرکٹ میں کوچنگ کیلئے بھیجنا چاہیے وہ بورڈ پر اور قومی خزانے پر بوجھ ہیں، فیلڈنگ کوچ کے سامنے بھی اب ہاتھ جوڑنے کا وقت آ گیا ہے ہماری فیلڈنگ انتہائی خراب ہو چکی ہے ہمیں مسرور صاحب یا ان جیسوں کی ضرورت نہیں ہے چیئرمین پی سی بی کو چاہیے کہ وہ باہر سے تینوں کوچز اسٹاف لائیں جو پروفیشنل ہوں اور ان کو فل اختیارات دیے جائیں کہ اگر کوئی کھلاڑی ڈسپلن کی پابندی نہ کرے تو اسے ٹیم سے باہر کر دیا جائے چاہے وہ کتنا بڑا پلیئر ہی کیوں نہ ہو۔

اب آتے ہیں کھلاڑیوں کی طرف تو پچھلے ایک ڈیڑھ سال سے بابر اعظم آؤٹ آف فارم جا رہا ہے مگر ہم اسے پھر بھی کھلا رہے ہیں اور اسکی ساری توجہ کرشلز پر ہے اسی طرح شاہین شاہ آفریدی جس کا برے رویے کی تمام کوچز شکایت کر چکے ہیں ان کے بارے میں مشہور ہے کہ وہ کوچنگ اسٹاف کی باتیں نہیں مانتے اور من مرضی کرتے ہیں خاص کر جب سے انہیں کپتانی سے ہٹایا گیا ہے تب سے ان کا رویے میں بہت تبدیلی آ چکی ہے اور اسکی وجہ ان کے سسر شاہد آفریدی ہیں جو گاہے بگاہے بورڈ پر شاہین کو لیکر تنقید کرتے رہتے ہیں، حارث رؤف ان کی موصوف کی کارکردگی بھی برائے نام ہے مگر غصہ عروج پر ہے، طیب طاہر جن کو مسلسل مواقع دیے جا رہے ہیں مگر مجال ہے کہ وہ پرفارم کریں لگتا ہے بہت تگڑی سفارش ہے تبھی کچھ نہ کر کے بھی دورہ نیوزی لینڈ کیلئے سلیکٹ ہو گئے، فخر زمان یہ بھی ایک ادھ اننگ اچھی کھیلتے ہیں اور باقی میچز میں تو چل میں آیا، فہیم اشرف یہ موصوف بھی ٹھیک ٹھاک پیسے والی پارٹی ہیں تبھی کارکردگی نہ ہونے کے باوجود ٹیم میں ان رہتے ہیں، اب آتے ہیں ہمارے پیارے کپتان محمد رضوان کی طرف جن کے بارے میں اکثر کہا جاتا ہے کہ درویش صفت انسان ہیں کارکردگی بس گزارے لائق ہی ہے ہاں البتہ گروپنگ میں ماسٹر ہیں ان کی وجہ سے سرفراز احمد، محمد عامر، عماد وسیم اور دوسرے بہت سارے اچھے کرکٹرز کا مستقبل داؤ پر لگ چکا ہے طیب طاہر کو چھوڑ کر باقی چاروں پانچوں کے بارے میں مشہور ہے کہ یہ گروپ بندی کر کے باصلاحیت نوجوان کرکٹرز کو ٹیم میں زیادہ دیر نہیں ٹکنے دیتے اب وقت آ چکا ہے کہ ان کو جبری ریٹائرڈ کر دیا جائے اور ان سے جان چھڑا لی جائے اگر چیئرمین پی سی بی محسن نقوی چاہتے ہیں کہ ٹیم میں بہتری آئے ورنہ ہارنے کا نہ ختم ہونیوالا سلسلہ طویل ہوتا جائے گا۔

ہمیں زیادہ دور جانے کی ضرورت نہیں ہے ہم اپنے ہمسائے ملک انڈیا کو ہی لے لیں جو اس وقت آسٹریلیا سے سیمی فائنل جیت کر فائنل میں پہنچ چکا ہے وہ سفارشی کلچر کے خلاف ہیں ماسٹر بلاسٹر سچن ٹنڈولکر، سنیل گواسکر اور سارو گنگولی کے بچے بہترین پرفامنس دینے کے باوجود انتظار میں ہیں کہ پتہ نہیں کب ہماری باری آئے، پشت پہ اتنے بڑے نام ہونے کے باوجود انتظار کر رہے ہیں اور ہماری طرف ہر چاچا ماما اپنا منڈا لائے کے بورڈ اچ وڑیا ہویا اے۔

آپ نومولود افغانستان کی کرکٹ ٹیم کو ہی دیکھ لیں ان کی کرکٹ دن بدن بہتر سے بہترین ہوتی جا رہی ہے ان کے کھلاڑی ریکارڈز کے انبار لگا رہے ہیں، اسی طرح نیوزی لینڈ، ساؤتھ افریقہ، بنگلہ دیش، زیمبابوے، آئرلینڈ اور حتیٰ کہ امریکا جیسی ٹیم بہتری کی جانب گامزن ہے اور انکے کھلاڑیوں کی پرفامنس دن بدن نکھرتی جا رہی ہے جبکہ ہماری ٹیم گروپ بندی سے ہی باہر نہیں نکل رہی ہمارے کھلاڑیوں کی ساری توجہ کرشلز اور لیگ کھیلنے پر ہے بس پیسہ آنا چاہیے چاہے ٹیم مسلسل ہارتی رہے۔

پچھلے غالباً دورہ انگلینڈ کے دوران تو یہ بات بھی سننے کو ملی تھی کہ کھلاڑی سیلفی کھینچوانے کے بھی پیسے چارج کر رہے تھے یعنی پیسے دو اور سیلفی لو، ہمیں ان تمام کھلاڑیوں کو ٹیم سے باہر کرنا ہوگا ورنہ ہاکی کی طرح کرکٹ کا بھی بھٹہ بیٹھ جائے گا۔

وزیراعظم صاحب واقعی اب بڑی سرجری کی ضرورت ہے اور بڑی سرجری کرکٹ سے نابلد چیئرمین پی سی بی محسن نقوی کو چیئرمین کے عہدے سے ہٹایا جانا چاہیے کیونکہ یہ سرجری ان کے بس کی بات نہیں ہے جب سے وہ چیئرمین بنے ہیں سرجری سرجری کھیل رہے ہیں مگر پریکٹیکلی اس پہ کوئی عملدرآمد ہوتا نظر نہیں آ رہا اور قومی ٹیم کی پرفامنس دن بدن خراب سے خراب تر ہوتی جا رہی ہے آگے 2027 میں ورلڈ کپ آ رہا ہے اور ہمارے کھلاڑی اگر یونہی گروپ بندیوں کا شکار رہے تو ہم اس بڑے ایونٹ کے بھی پہلے راؤنڈ میں باہر ہو جائیں گے لہذا اس حوالے سے فی الفور ایکشن لیا جانا چاہیے دورہ نیوزی لینڈ کھلاڑیوں کیساتھ ساتھ چیئرمین پی سی بی کیلئے بھی آخری چانس ہونا چاہیے اگر ٹیم کی پرفامنس یہی رہتی ہے تو پھر کھلاڑیوں کیساتھ ساتھ محسن نقوی صاحب سے بھی معذرت کر لینی چاہیے کہ وہ اب یہ عہدہ چھوڑ دیں اور کسی پروفیشنل آدمی کو بطور چیئرمین پی سی بی آنے دیں۔

امید ہے وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف جو پیٹرن انچیف ہیں وہ کرکٹ ٹیم میں بڑی سرجریوں کیلئے خود میدان میں آئیں گے اور ٹیم اور بورڈ میں بڑی تبدیلیاں کر کے ٹیم کو ونگ ٹریک پر چڑھائیں گے۔

عورت کو انسانیت کا درجہ اسلام نے دیا

تحریر:۔ مولانا امیر محمد اکرم اعوان

ارشاد باری تعالیٰ ہے وَمَا خَلَقَ الذَّكَرَ وَالْأُنثَىٰ (الیل:3) اور اس بات کی قسم جس نے مذکر اور مونث پیدا فرمائے بڑی عجیب قدرت باری ہے کہ اس نے تمام مخلوق میں نر اور مادہ پیدا فرما دیے پرندوں، کیڑوں مکوڑوں اور انسانوں میں حتیٰ کہ درختوں تک میں نر اور مادہ درخت ہیں۔ بیٹا پیدا ہوتا ہے وہی اس کی والدہ ہے وہی اس کا والد ہے وہی چھت ہے وہی گھر ہے وہی کمرے ہیں وہی غذا ہے وہی لباس ہے بیٹی پیدا ہوتی ہے اس کے بھی وہی والدین ہیں وہی ماں ہے وہی باپ ہے لیکن بیٹے کا کردار اپنا ہے بیٹی کا کردار اپنا ہے بیٹے کی جسمانی ساخت اپنی ہے بیٹی کی اپنی ہے بیٹے کا قد کاٹھ اپنا ہے بیٹی کا اپنا ہے بیٹے کا لباس اپنا ہے بیٹی کا اپنا ہے استعداد کار کام کرنے کی طاقت مرد میں اور ہے خاتون میں اور ہے کام کرنے کا فطری رجحان مرد کا اپنا ہے خاتون کا اپنا ہے ذمہ داریاں مرد کی اپنی ہیں خاتون کی اپنی ہیں اجر دونوں کو اس ایک الحکم الحاکمین نے دینا ہے لیکن ایک جیسے کام پر نہیں دینا اپنی اپنی ذمہ داری ادا کرنے پر دینا ہے مثلاً باپ کے ذمے ہے کہ وہ حلال رزق جائز وسائل سے پیدا کر کے اولاد کو پالے ماں کے ذمے ہے کہ جو رزق باپ لاتا ہے اس کی حفاظت کرے اسے ضائع نہ کرے اور بچوں کو پیار سے پالے اور اچھی تربیت کرے اب کام دونوں کے مختلف ہیں ایک کا کام لانا ہے اور دوسرے کا کام خرچ کرنا ہے اجر دونوں کو ملے گا اپنی اپنی ذمہ داری کس خلوص سے کس حد تک پوری کی؟ جیسے آپ کے پاس ملازمین ہیں یا فوج ہے تو فوج میں ایک افسر ہے اور دوسرا سپاہی۔ ایک سپاہی کی اپنی ذمہ داری ہے افسر کی اپنی ذمہ داری ہے سپاہی کو اگر انعام ملے گا تو اس کی اپنی جو ذمہ داری ہے اسے اچھی طرح ادا کرنے پر ملے گا افسر کو انعام ملے گا جو اس کی اپنی ذمہ داری ہے وہ پوری کرنے پر ملے گا ایسا نہیں ہوتا کہ سپاہی نے افسر کا کام کیا تو اسے انعام ملا یا افسر نے سپاہی کی ڈیوٹی دی اسے انعام ملا ایسا نہیں ہوتا اسی طرح مرد و عورت اجر میں برابر ہیں مالک دونوں کا ایک ہے لیکن یہ تخلیق انسانی بتا رہی ہے کہ ہر شخص کے ہر کام کے نتائج اپنے ہیں اگر کوئی خاتون ہے تو وہ خواتین کے ہی کام بخوبی ادا کر سکتی ہے۔

آج کل تہذیب جدید کا ایک مسئلہ چل نکلا ہے کہ مرد اور عورت برابر ہیں جب چھٹی صدی عیسوی کے آخر اور ساتویں صدی کی ابتداء میں طلوع اسلام ہوا اور آقائے نامدار ﷺ مبعوث ہوئے تو اس وقت اس فقرے کے علمبردار کہاں تھے؟ آپ جانتے ہیں؟ یہ عورت کو انسان ہی نہیں سمجھتے تھے ہندوستان میں خاوند مر جاتا تو زندہ عورت کو اس کے ساتھ جلا دیا جاتا یعنی عورت کی قیمت یہ تھی کہ اگر کوئی عورت بیوہ رہ جاتی اگر خاوند کے ساتھ جلتی نہیں تھی اور دوسری شادی تو وہ کر ہی نہیں سکتی تھی لیکن اس کی زندگی موت سے بدتر ہو جاتی تھی اس سے کوئی بات نہیں کرتا تھا اسے کوئی کھانا دینا پسند نہیں کرتا تھا کپڑے اچھے نہیں پہن سکتی تھی میں افریقہ کے ایک سیاح کی ڈائری پڑھ رہا تھا اس نے لکھا میں ایک جگہ پہنچا تو ایک بوڑھیا گوشت پکا رہی تھی اس نے مجھے دیا کہ یہ بہت مزے دار گوشت ہے یہ بوٹی سب سے لذیذ ہے تو میں نے پوچھا کہ یہ کس چیز کا گوشت ہے جو بڑا شوق سے پکا رہی ہو؟ تو کہنے لگی کہ ہمارا قبیلے کی ایک عورت تھی جوان اور اس کی چار، پانچ سال شادی رہی اس کے ہاں اولاد نہیں تھی تو میاں نے گھر سے نکال دیا اور شادی کے بعد والدین تو گھر میں آنے نہیں دیتے تو وہ جنگل میں چلی گی میرے بیٹے اس کا شکار کر کے لائے تھے یہ اس کا گوشت ہے اور یہ جو بوٹی میں تمہیں دے رہی ہوں یہ بازو کی مچھلی کی بوٹی ہے یہ بڑی لذیذ ہوتی ہے چائینہ میں اب تک وہ تصاویر تاریخ کا حصہ ہیں کہ جب بچی پیدا ہوتی تو اسے لوہے کا جوتا پہنا دیا جاتا تاکہ یہ بڑی ہو کر چلنے پھرنے کے قابل ہی نہ رہے بڑی ہو جائے لیکن پاؤں اتنے ہی رہیں اور یہ آزادی سے چل پھر نہ سکے کہیں آ جانا سکے ہماری محتاج اور غلام ہی رہے وسط ایشائی ریاستوں میں جو چاہتا، جسے چاہتا، چھین لیتا، پکڑ کر لے جاتا یہ جو حقوق کے علمبردار بنے ہوئے ہیں ان کی تاریخ اس بات سے بھری پڑی ہے کہ بات بات پر عورتوں کو زندہ جلایا کرتے تھے اور کہتے تھے یہ witch ہے جادو کرنی ہے اسے جلا دو ایک کھمبا سا گاڑھ کر عورتوں کو اس کے ساتھ باندھ دیتے اور اس کے نیچے لکڑیاں رکھ کر آگ جلا کر تماشا دیکھا کرتے یہ کہاں سے آ گئے حقوق کے علمبردار؟ عورت کو انہوں نے کیسے برابر کر دیا؟ یہ بڑا عجیب دھوکہ ہے کہ جو خاتون کی ذمہ داریاں تھیں وہ تو فطری تھیں اسے تو کوئی بدل نہیں سکتا عورت تو وہ ہے اس کا جسم عورتوں والا ہے اس کا مزاج عورتوں والا ہے اس کی قوت عورتوں والی ہے بچے اسی نے پیدا کرنے ہیں اب برابری کیا ہے؟ مرد کی ذمہ داریاں بھی اس پر ڈال دیں کہ تم بازار میں نکلو تم روزی کماؤ تم مشقت کرو کیا ہوا؟ یعنی عورت کے کام تو تم نے ہی کرنے ہیں تم مرد کے کام بھی کرو برابر ہو گئی کون سی برابری ہے؟ برابر کرو نا ایک بچہ خاتون کے پیٹ سے پیدا ہو دوسرا مرد کے پیٹ سے پیدا ہوا گلا پھر خاتون سے پیدا ہوگا اگلا مرد سے برابری، برابری ہونی چاہیے جو چیزیں فطری ہیں، تخلیقی ہیں ان میں برابری کا مفہوم اسلام میں یہ ہے کہ جو چیز جس کام کے لیے ہے پوری دیانت داری سے وہ کام اس سے لیا جائے دونوں سے برابر سلوک کیا جائے جو جس کا کام نہیں ہے اس کا بوجھ اس پر نہ ڈالا جائے جو جس کا حق بنتا ہے بلا تکلف اسے پہنچایا جائے۔

SPORTS سپورٹس

بھارتی کپتان روہت شرما نے اہم اعزاز حاصل کر لیا

دبئی (این این آئی) بھارتی کپتان روہت شرما نے آسٹریلیا کو شکست دے کر آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کے فائنل میں رسائی کے بعد اہم اعزاز حاصل کر لیا۔ منگل کو دبئی میں ہونے والے چیمپئنز ٹرافی کے پہلے سیمی فائنل میں بھارت نے آسٹریلیا کو 4 وکٹوں سے شکست دے کر فائنل کے لیے کوالیفائی کر لیا۔ بھارت نے آسٹریلیا 265 رنز کا ہدف 49 ویں اوور میں 6 وکٹوں کے نقصان پر پورا کر کے فائنل کے لیے کوالیفائی کیا۔ اس شاندار فتح کے بعد روہت شرما دنیا کے پہلے کپتان بن گئے جنہوں نے اپنی ٹیم کو چاروں بڑے آئی سی سی ٹورنامنٹس (ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ، ون ڈے ورلڈ کپ، ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ، چیمپئنز ٹرافی) کے فائنل میں پہنچایا۔ روہت شرما کی قیادت میں بھارت 2023 میں ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ کا فائنل اور پھر ون ڈے ورلڈ کپ کا فائنل کھیلا، دونوں میں اسے آسٹریلیا نے شکست دی۔ تاہم روہت کی کپتانی میں بھارت 2024 کے ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کے فائنل میں پہنچا اور وہ پھر جنوبی افریقا کو شکست دے کر دوسری بار چیمپئن بنا۔



اسلامی اصولوں پر عمل کرنے سے مجھے اندرونی سکون اور حوصلہ ملا

اسلام قبول کرنے کے اقدام سے میری زندگی اور نقطہ نظر تبدیل ہو گیا، محمد یوسف

لاہور (این این آئی) سابق پاکستانی کرکٹر محمد یوسف نے اسلام قبول کرنے کے فیصلے سے متعلق انکشاف کیا ہے کہ اسلامی اصولوں پر عمل کرنے سے مجھے اندرونی سکون اور حوصلہ ملا' اس اقدام سے میری زندگی اور نقطہ نظر تبدیل ہو گیا۔ محمد یوسف کو دنیا کے بہترین کرکٹ کھلاڑیوں میں سے ایک سمجھا جاتا ہے، اپنی شاندار کارکردگی، پراعتماد شخصیت اور مسلسل مثبت رویہ کے باعث وہ کرکٹ کے مداحوں کے دلوں میں ایک خاص مقام رکھتے ہیں۔ ریٹائرمنٹ کے بعد بھی وہ مختلف مواقع پر ٹیم کے ساتھ رہ کر موجودہ اور سابق کھلاڑیوں کی تعریف کرتے رہتے ہیں۔ محمد یوسف نے اپنے کیریئر کے دوران بے شمار ریکارڈ قائم کیے، خاص طور پر 2006-07ء کے عرصے میں ان کی کارکردگی کو سراہا گیا۔ ان کی فیلڈ پر موجودگی اور جدت نے انہیں کرکٹ کے اعلیٰ معیار کا حامل کھلاڑی بنا دیا۔ اپنے کیریئر کے عروج پر محمد یوسف نے اسلام قبول کرنے کا فیصلہ کیا، جو ان کی زندگی میں ایک بنیادی تبدیلی کا باعث بنا۔ انہوں نے اسلامی سرگرمیوں میں حصہ لینا شروع کیا۔

آسٹریلوی کپتان نے میچ کا ٹرننگ پوائنٹ بتا دیا

میچ میں انتہائی اہم موقع پر محمد شامی نے ان کو بولڈ کر دیا، سٹیو سمتھ

دبئی (این این آئی) آسٹریلوی کپتان اسٹیو اسمتھ نے کہا ہے کہ بھارت کو 300 رنز کا ہدف نہ دینا میچ کے نتیجے پر اثر انداز ہوا، مستقبل میں ٹیم بہتر کارکردگی دکھانے کے لیے پرعزم ہے۔ دبئی میں چیمپئنز ٹرافی کے پہلے سیمی فائنل میں بھارت کے ہاتھوں 4 وکٹوں سے شکست کے بعد پریس کانفرنس کرتے ہوئے آسٹریلوی کپتان اسٹیو اسمتھ نے کہا کہ پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 300 رنز بنانا ٹیم کی حکمت عملی کا حصہ تھا لیکن میچ میں انتہائی اہم موقع پر محمد شامی نے ان کو بولڈ کر دیا، انگلز کے اہم ترین موقع پر وکٹ گنوانے سے میچ پر گرفت کمزور ہو گئی۔ اسٹیو اسمتھ کا کہنا تھا کہ ہم 300 یا اس سے زیادہ رنز بنانے کی کوشش کر رہے تھے، لیکن فل ٹاس پر وکٹ گنوانا میچ کا فیصلہ کن لمحہ ثابت ہوا، اگر ہم اپنا یہ ہدف عبور کر لیتے تو نتیجہ مختلف ہو سکتا تھا۔ خیال رہے کہ اسمتھ 73 رنز بنا کر محمد شامی کی گیند پر آؤٹ ہوئے، اس وقت آسٹریلیا کا اسکور 198/5 تھا اور دبئی کی سست وکٹ پر مزید رنز بنانا مشکل ہو گیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ بھارتی ٹیم نے اچھی کرکٹ کھیلی جب کہ ہماری طرف سے کچھ مواقع ضائع ہوئے۔

ایشین کپ 2027 کوالیفائر کیلئے ممکنہ کھلاڑیوں کا اعلان

کوالیفائر میچ 25 مارچ کو سعودی عرب کے شہر الاحساء میں کھیلا جائے گا

لاہور (این این آئی) پاکستان فٹ بال فیڈریشن (پی ایف ایف) شام کے خلاف ایشین کپ 2027 کوالیفائر کے پہلے اوے میچ کے لیے ممکنہ کھلاڑیوں کا اعلان کر دیا۔ ممکنہ کھلاڑیوں میں گول کیپرز یوسف بٹ، ثاقب حنیف، عبدالباسط اور آدم خان اور ڈیفنڈرز میں عبداللہ اقبال، عیسیٰ سلیمان، حسیب خان اور جنید شاہ شامل ہیں۔ ڈیفنڈرز میں مامون موسیٰ، محمد فضل، عبدالرحمان اور وقار احتشام بھی شامل ہیں جبکہ مڈ فیلڈرز میں عالمگیر غازی، علی عزیر، علی ظفر اور محمد عمر حیات ممکنہ کھلاڑیوں میں شامل ہیں۔ مڈفیلڈرز راہس نبی، توقیر الحسن، عمیر علی اور معین احمد بھی ممکنہ اسکواڈ کا حصہ ہیں جبکہ ممکنہ کھلاڑیوں میں عبدالصمد، شائق دوست اور محمد عدیل یونس بھی شامل ہیں۔

پاکستان الیکٹرانک میڈیا ریگولیٹری اتھارٹی، اسلام آباد
PEMRA
تاریخ میں توسیع
اسلام آباد اور راولپنڈی ڈویژن میں اضلاع کی سطح پر کیبل ٹی وی لائسنس کے اجراء کیلئے درخواستوں کی وصولی
بحوالہ اشتہار بعنوان "اسلام آباد اور راولپنڈی ڈویژن میں اضلاع کی سطح پر کیبل ٹی وی لائسنسوں کے اجراء کیلئے درخواستوں کی وصولی" جو کہ قومی اخبارات میں مورخہ 6 فروری 2025ء کو شائع ہوا، پیمرا آرڈیننس 2002 ترمیم شدہ پیمرا (ترمیمی) ایکٹ 2023 کی سیکشن 19 کے تحت درخواستیں جمع کروانے کی تاریخ میں 7 اپریل 2025ء (شام 05:00 بجے) تک توسیع کر دی گئی ہے۔ دیگر شرائط وضوابط 06-02-2025 کے اشتہار کے مطابق رہیں گی۔
ڈائریکٹر جنرل لائسنسنگ ڈسٹریبیوشن
پیمرا ہیڈ کوارٹرز 4th فلور، ماؤ ایریا، G-8/1 اسلام آباد
فون نمبر 9107178(51)92+ اور 9107131(51)92+
PID(I)6076/24

SHOWBIZ شوبز

جیکی شروف مادھوری سے شادی کے خواہش مند تھے

سپر ہٹ اداکارہ کرکٹر اجے جڈیجا سے شادی کی خواہشمند تھیں

ممبئی (این این آئی) بالی وڈ کی سپر ہٹ اداکارہ مادھوری ڈکشٹ کی شادی سے قبل ان کا نام کئی سپر ہٹ اداکاروں کے ساتھ جوڑا جاتا رہا، کہیں وہ سنجے دت کے ساتھ افیئر کیلئے خبروں کی زینت بنیں تو کہیں بتایا جاتا رہا کہ اداکارہ کرکٹر اجے جڈیجا سے شادی کی خواہشمند تھیں۔ تاہم 17 اکتوبر 1999 میں مادھوری کی ڈاکٹر شری رام نینے سے شادی کے بعد یہ خبریں آنا بند ہو گئیں۔ اس شادی نے جہاں کروڑوں مداحوں کے دل توڑے وہیں اس فہرست میں ایک ایسے بالی وڈ اسٹار کا نام بھی شامل ہے۔

عائشہ ٹاکیہ کے شوہر کیخلاف مقدمہ درج، اداکارہ کا ردعمل بھی آ گیا

شوہر کو مہاراشٹر سے ہونے کی وجہ سے تعصب کا نشانہ بنایا

گوا (این این آئی) بھارتی ریاست گوا میں پولیس نے بالی وڈ اداکارہ عائشہ ٹاکیہ کے شوہر فرحان اعظمی کے خلاف ہنگامہ آرائی کا مقدمہ درج کیا ہے جس پر اداکارہ کا ردعمل بھی سامنے آیا ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق گوا پولیس کا کہنا ہے فرحان اعظمی ایک لگژری ایس یو وی میں جا رہے تھے کہ مبینہ طور پر تیز رفتاری پر مقامی لوگوں نے انہیں روک لیا، فرحان اعظمی نے پولیس کو فون کر کے مدد طلب کی اور مبینہ طور پر مقامی افراد کو دھمکیاں بھی دیں اور کہا کہ ان کے پاس لائسنس والا اسلحہ بھی ہے۔ گوا پولیس کے مطابق پولیس نے موقع پر پہنچ کر معاملے پر قابو پایا۔

امیتابھ بچن پر بڑھاپے کے اثرات نمودار ہونے لگے

بڑھتی عمر کے ساتھ ان کی یادداشت جواب دینے لگی



ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کے بادشاہ امیتابھ بچن پر بڑھاپے کے اثرات نمودار ہونے لگے، بڑھتی عمر کے ساتھ ان کی یادداشت جواب دینے لگی۔ بالی وڈ کے شہنشاہ امیت

بقیہ 1

جائزہ لیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پھاٹا گورماچ تک ہدف پورا کرنے اور ہاؤسنگ سکیموں کی بحالی کے لئے فنڈز جاری کرنے کے لئے اقدامات کی ہدایت کی۔ پنجاب ہاؤسنگ اینڈ ٹاؤن پلاننگ ایجنسی کے ڈی جی نے تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ اپنی چھت، اپنا گھر پروگرام کے تحت قرضوں کی واپسی شروع ہو چکی ہے۔ اپنی چھت، اپنا گھر پروگرام کے تحت لیے گئے قرضوں کی واپسی کا تناسب 100 فیصد ہے۔ پنجاب میں اپنی چھت، اپنا گھر پروگرام کے تحت 9661 گھر زیر تکمیل ہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ بے گھر عوام کے لئے چھت فراہم کرنے کی بہت فکر ہے۔ اپنی چھت، اپنا گھر پروگرام کے تحت لوگوں کا گھر بنتا دیکھ کر بہت خوشی ہوتی ہے۔ پانچ سال میں پانچ لاکھ گھر بنانے کا ہدف پورا کرنے کے لئے پرعزم ہیں۔

بقیہ 2

پولیو مہم کے حوالے سے جائزہ اجلاس ہوا۔ وزیراعظم نے پولیو کیسز کی بروقت شناخت اور ان میں منفی رجحان پر تمام صوبوں کی انتظامیہ کو سراہا۔ اجلاس میں شہباز شریف نے کہا کہ فروری 2025 میں پولیو کیسز میں منفی رجحان انسداد پولیو مہم کے موثر ہونے کی سند ہے، پولیو کے مکمل خاتمے کیلئے پرعزم ہیں، پولیو کیسز میں بتدریج کمی تمام صوبوں کی انتظامیہ کی انتھک محنت کی بدولت ممکن ہوئی، وفاق اور صوبوں کے تعاون سے ہی ملک سے پولیو کا مکمل خاتمہ ممکن ہو سکے گا۔ وزیراعظم نے پولیو سے متعلق ڈیٹا کو ڈیجیٹلائز کرنے اور سخت مانیٹرنگ کرنے کی ہدایت کی اور پولیو مہم کے دوران سیکورٹی فورسز کے تعاون کو سراہا۔ اجلاس میں وزیراعظم کو انسداد پولیو مہم کی اب تک کی پیشرفت کے حوالے سے آگاہ کیا گیا۔ بریفنگ کے مطابق تمام صوبوں میں انسداد پولیو مہم مکمل تحریک کے ساتھ جاری ہے۔ فروری 2025 کی مہم میں 42.5 ملین بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے گئے۔ فروری 2025 کی مہم میں ملک کے پولیو سے متاثرہ اضلاع میں بچوں کی تقریباً 90 فیصد آبادی کو پولیو کے قطرے پلائے گئے۔ بریفنگ کے مطابق 2025 کے آغاز سے اب تک 6 پولیو کیسز سامنے آئے ہیں۔ فروری 2025 کی انسداد پولیو مہم کے آغاز سے اب تک پولیو سے متاثرہ اضلاع خصوصاً بلوچستان، سندھ اور جنوبی خیبر پختونخوا میں پولیو کیسز میں واضح کمی دیکھنے میں آئی ہے۔ اس سال کے پہلے 6 ماہ میں 3 پولیو مہم پلان کا حصہ تھیں جس میں سے پہلی مہم فروری میں ہو چکی ہے جبکہ دیگر 2 اپریل اور مئی کے مہینوں میں ہوں گی۔ آئی پی ڈبلیو بورڈ کے ذریعے پولیو مہم کے تمام پہلوؤں کی مستقل نگرانی کی جا رہی ہے۔ اجلاس میں وزیر مملکت ڈاکٹر مختار بھرت، سیکرٹری عائشہ رضا فاروق اور متعلقہ اداروں کے اعلیٰ افسران شریک تھے۔

بقیہ 3

میں ایک سے پانچ درجے تک اضافہ کیا گیا ہے۔ لاہور ہائیکورٹ نے صوبہ بھر کے ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن ججز کی نئی سنیارٹی لسٹ مرتب کر لی جس کے مطابق 2 ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن ججز کی سنیارٹی برقرار رہی، 10 سیشن ججز کی سنیارٹی میں ایک درجہ، ایک جج کی سنیارٹی میں دو درجے، 24 ججز کی سنیارٹی میں 3 درجہ، 105 ججز کی سنیارٹی میں 4 درجے اضافہ ہوا ہے۔ 44 ججز کی سنیارٹی میں 5 درجہ اضافہ ہوگیا۔ عبدالرشید عابد کا سنیارٹی میں پہلا نمبر برقرار ہے، عرفان احمد سعید کا سنیارٹی میں دوسرا نمبر، قیصر نذیر بٹ کی سنیارٹی میں ایک درجہ اضافہ ہوا گیا جس سے وہ تیسرے نمبر پر آ گئے۔ محمد کامل خان سنیارٹی میں ایک درجہ اضافہ، چوتھے نمبر آ گئے۔ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج لاہور نسیم احمد ورک کی سنیارٹی میں 3 درجہ اضافہ، 36 ویں نمبر پر آ گئے۔ سیشن جج ملک منیر احمد جوئیہ کی سنیارٹی میں ایک درجہ اضافہ ہوا جس سے وہ 7 ویں نمبر پر آ گئے، خالد ارشد کی سنیارٹی میں ایک درجہ اضافہ، 9 ویں نمبر پر آ گئے۔ سیشن جج چکوال چودھری طارق جاوید کی سنیارٹی میں ایک درجہ اضافہ 12 ویں نمبر پر آ گئے۔ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج چودھری محمد الیاس 13 ویں نمبر پر آ گئے۔ رجسٹرار ہائیکورٹ امجد اقبال رانجھا کی سنیارٹی میں دو درجے اضافہ، 2 2 ویں نمبر پر آ گئے۔ محمد نوید اقبال 32 ویں نمبر پر آ گئے۔ صفدر علی بھٹی کی سنیارٹی میں چار درجہ اضافہ 48 ویں نمبر پر آ گئے۔ ملک علی ذوالقرنین کی سنیارٹی میں 4 درجہ اضافہ 52 ویں نمبر پر اور ممبر لیگل انشورنس ٹریبونل ظفر اقبال تارڑ 65 ویں نمبر پر آ گئے۔

بقیہ 4

مسائل اور معاہدے کی خلاف ورزی پر 11 پاکستانیوں کو بے دخل کیا گیا ہے۔ متحدہ عرب امارات سے بغیر ویزے کے گئے ایک پاکستانی کو وطن واپس بھیج دیا گیا جبکہ کابو وردے سے دستاویزات کی عدم دستیابی پر ایک پاکستانی کو ڈی پورٹ کیا گیا ہے۔ امیگریشن ذرائع نے بتایا کہ جنوبی افریقا میں خراب پروفائلنگ پر 2 پاکستانیوں کو بے دخل کیا گیا ہے۔ سعودی عرب، تنزانیہ اور ایران سے ایمرجنسی پاسپورٹس پر 3 پاکستانیوں کو بے دخل کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ عراق میں غیر قانونی داخلے اور زائد المیاد قیام پر ایک پاکستانی کو بے دخل کیا گیا ہے۔

بقیہ 5

حلف برداری کی تقریب لاہور ہائیکورٹ کے جج لاؤنج میں منعقد ہوئی۔ ایڈیشنل جج کا حلف اٹھانے والوں میں راجہ غضنفر علی خان، تنویر احمد شیخ، طارق محمود باجوہ اور عبہر گل خان شامل ہیں۔ تقریب میں لاہور ہائیکورٹ کے سینئر ترین جج جسٹس شجاعت علی خان، جسٹس علی باقر نجفی، جسٹس عابد عزیز شیخ، جسٹس شمس محمود مرزا نے شرکت کی، جسٹس شاہد کریم، جسٹس خالد اسحاق، جسٹس راحیل کامران شیخ اور جسٹس سردار اکبر علی بھی تقریب میں شریک ہوئے۔ حلف برداری تقریب میں جسٹس چودھری اقبال، جسٹس ساجد محمد سیٹھی، جسٹس شہرام سرور چودھری، جسٹس طارق ندیم، جسٹس علی ضیاء باجوہ، جسٹس انوار الحق، جسٹس فاروق حیدر، جسٹس فیصل زمان خان اور ڈپٹی اٹارنی جنرل اسد باجوہ نے شرکت کی۔ حلف برداری تقریب میں پراسیکیوٹر جنرل پنجاب سید فرہاد علی شاہ اور ایڈووکیٹ جنرل پنجاب امجد پرویز بھی موجود تھے۔

بقیہ 6

حساب اب آخری 24 ماہ کی اوسط تنخواہ پر ہوگا اور ملازمین کو ایک سے زیادہ پنشن لینے کی اجازت نہیں ہوگی۔ نوٹیفکیشن کے مطابق رضا کارانہ ریٹائرمنٹ لینے والوں پر نیا اصول لاگو نہیں ہوگا، نوکری کے آخری سال میں اضافی انکریمنٹ اوسط پنشن میں شامل نہیں ہوگا۔ موجودہ پنشنرز کیلئے بھی پنشن میں اضافے کا نیا طریقہ کار طے کر دیا گیا ہے، خاندانی پنشن کا حساب اب نیٹ پنشن کی بنیاد پر ہوگا۔ حکومت کی جانب سے پنشن کے حوالے سے جاری نئی وضاحتوں کے مطابق ریٹائرمنٹ کے مہینے میں کام کیے گئے دنوں کو پورا مہینہ شمار کیا جائے گا۔

بقیہ 7

انٹرپنیورز اور فری لانسرز کیلئے کراس بارڈر ادائیگیوں کو بڑھانے کیلئے پاکستان کے معروف اسلامی بینک میزان بینک کے ساتھ شراکت داری کی ہے۔ اس اسٹریٹجک شراکت داری کا مقصد بین الاقوامی ٹرانزیکشنز کو آسان بنانا اور کیش فلو مینجمنٹ کو بہتر بنانا ہے۔ میزان بینک کے ڈپٹی چیف ایگزیکٹو آفیسر سید عامر علی اور Payoneer کے کنٹری منیجر محسن مظفر کی موجودگی میں میزان بینک کے ہیڈ آفس میں منعقدہ تقریب میں دونوں اداروں کے درمیان معاہدے پر دستخط کیے گئے۔ میزان بینک کے صارفین اب اپنے Payoneer اکاؤنٹس کو بینک کی موبائل ایپ سے لنک کر کے متعدد عالمی کرنسیوں میں براہِ راست اپنے میزان بینک کے مقامی اکاؤنٹس سے ریئل ٹائم میں انخلا کر سکتے ہیں۔ موبائل ایپ کے سیملس انضمام سے پاکستان میں کاروباری ادارے دنیا بھر کے کلائنٹس، ویندرز اور مارکیٹ پلیسز سے آسانی کے ساتھ فنڈز حاصل کر سکتے ہیں جو انہیں اپنے صارفین کیلئے "مقامی" بنانا ہے چاہے وہ کہیں بھی ہوں۔ اس طرح میزان بینک کے صارفین ملٹی کرنسی بیلنس کی نگرانی، شفاف ایف ایکس ریٹس، بغیر کسی پوشیدہ چارجز، پہلے سے دستیاب ذاتی تفصیلات، ایس ایم ایس کے ذریعے فوری تصدیق اور اکاؤنٹ سے منسلک کرنے کے ایک آسان عمل سمیت متعدد فوائد تک رسائی حاصل کر سکیں گے۔ یہ انضمام پروسیڈرز ریلائزیشن سرٹیفکیٹ (ePRC) کو یقینی بناتا ہے جو میزان بینک کی طرف سے ریگولیٹری کی پابندی، ٹیکس فائلنگ اور برآمدی چھوٹ کے حصول کیلئے ایک ضروری دستاویز ہے جو ہر ٹرانزیکشن کے ساتھ جاری کی جائے گی اور یہ پاکستان کے ایس ایم بیز (SMBs) کیلئے کراس بارڈر تجارت میں ایک اہم قانونی ضرورت کو پورا کرتی ہے۔ یہ شراکت داری تیزی سے ترقی کرتی ہوئی پاکستان کی ڈیجیٹل معیشت کیلئے بہت اہم ہے۔ مالی سال 24-2023 میں ملک کی آئی ٹی برآمدات 24 فیصد اضافے کے ساتھ 3.2 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں۔ پاکستان کے 1.5 ملین سے زائد پروفیشنلز کی متحرک فری لانسر کمیونٹی نے ملک کی زرمبادلہ کے ذخائر میں 350 ملین ڈالر کا حصہ ڈالا ہے۔ اس موقع پر Payoneer کے کنٹری منیجر محسن مظفر نے کہا کہ میزان بینک کے ساتھ شراکت داری کے ذریعے، ہم پاکستانی کاروباری اداروں کو فنانشل مینجمنٹ ٹولز تک رسائی فراہم کر رہے ہیں جو ان کو عالمی سطح پر توسیع میں مدد، پاکستان کی برآمدی منظرنامے کے ارتقا کے ساتھ ساتھ ان کی ترقی میں مدد فراہم کرے گا۔ ہم پاکستان میں کاروبار کو عالمی سطح پر ترقی کی منازل طے کرنے اور ملک کی ڈیجیٹل برآمدات کو فروغ دینے میں اپنا کردار ادا کرنے کیلئے پرعزم ہیں۔ اس موقع پر میزان بینک کے گروپ ہیڈ ٹرانزیکشن اینڈ انٹرنیشنل بینکنگ گروپ عبداللہ احمد نے کہا کہ ہمارا مضبوط ڈیجیٹل انفرااسٹرکچر اور موجودہ دور کی باہمی مربوط عالمی معیشت میں گہری مہارت ہمیں Payoneer کیلئے ایک مثالی اسلامک بینکنگ پارٹنر بناتی ہے۔ یہ انضمام مالیاتی شمولیت کو فروغ دینے انوویشن کو آگے بڑھانے اور پاکستان کی ڈیجیٹل معیشت کو ٹیکنیکل اور اسلامی مالیاتی اصولوں کے ساتھ ہم آہنگ کرنے کے ہمارے مشترکہ وژن کی عکاسی ہے۔ ہم ذمہ دار اور جامع بینکنگ سلوشن کے ذریعے کاروباری اداروں اور انفرادی صارفین کو یکساں طور پر بااختیار بنانے کیلئے ایک کامیاب تعاون کے منتظر ہیں۔

بقیہ 8

سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین اور دہشت گردوں کا بہادری سے مقابلہ کرتے ہوئے جام شہادت نوش کرنے والے سکیورٹی فورسز کے 5 جوانوں کو خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ بدھ جاری بیان میں وزیراعظم نے شہدا کے درجات کی بلندی کی دعا کی اور ان کے اہل خانہ سے تعزیت کا اظہار کیا۔ وزیراعظم نے بنوں چھاؤنی حملہ میں ملوث فتنہ الخوارج کے تمام 16 دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کی تعریف کی۔ وزیراعظم نے کہا کہ سکیورٹی فورسز کے بہادر جوانوں نے اپنی جان پر کھیلتے ہوئے دہشت گردوں کے مذموم مقاصد کو ناکام بنا دیا اور ملک کو ایک بڑے نقصان سے بچایا۔ وزیراعظم نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف پاکستان کی مسلح افواج سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی طرح کھڑی ہیں، پوری قوم مسلح افواج کو سلام پیش کرتی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ ملک سے ہر قسم کی دہشت گردی کے مکمل خاتمے کیلئے پرعزم ہیں۔

بقیہ 9

قیادت وفاقی وزیر رانا تنویر حسین اور وفاقی سیکرٹری وسیم اجمل چوہدری نے کی۔ اجلاس میں کابینہ کمیٹی کی گندم پالیسی برائے ربیع 25-2024 کی رپورٹ پیش کی گئی اور گندم کی متوقع پیداوار اور قومی ضروریات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ وفاقی وزیر نیشنل فوڈ سیکیورٹی اینڈ ریسرچ رانا تنویر حسین نے کمیٹی کو رواں سال کے زیر کاشت رقبہ کے بارے میں بریفنگ دی اور زرعی حکمت عملیوں کو گھریلو ضروریات اور کسانوں کے فائدے کے ساتھ ہم آہنگ کرنے کی اہمیت پر زور دیا۔ کمیٹی نے فی ایکڑ پیداوار اور مجموعی زرعی پیداواری صلاحیت کو بڑھانے کیلئے وفاقی اور صوبائی زرعی تحقیقی نظام کو ہم آہنگ کرنے پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ نائب وزیراعظم اسحٰق ڈار نے صوبائی حکومتوں سے مشاورت کی اہمیت پر زور دیا تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ پالیسیاں کسانوں کو فائدہ پہنچائیں اور شعبہ جاتی استحکام میں کردار ادا کریں۔ اجلاس میں گندم کی امدادی قیمت کے تعین پر بھی غور کیا گیا تاکہ کسانوں کیلئے منصفانہ قیمتوں کو محفوظ بنایا جا سکیں اور مارکیٹ میں استحکام برقرار رکھا جا سکے۔ نائب وزیراعظم نے وزیر خزانہ کو ہدایت کی کہ وہ پالیسی فریم ورک کو بہتر اور مضبوط بنانے کیلئے زرعی پالیسی کمیٹی کے مباحثوں میں اہم بحث کے نکات کو شامل کریں۔ اجلاس نے اصلاحی اقدامات کے ذریعے زرعی معیشت کو مستحکم کرنے، غذائی تحفظ کو یقینی بنانے اور کاشتکاری کے شعبے میں ترقی کو فروغ دینے کے حکومتی عزم کا اعادہ کیا۔ بیان کے مطابق قومی غذائی تحفظ اور تحقیق کی وزارت طویل مدتی استحکام اور ترقی کیلئے پائیدار پالیسیوں اور اسٹریٹجک مداخلتوں کے ذریعے غذائی تحفظ کو یقینی بنانے، کسانوں کی مدد کرنے اور زراعت کو مضبوط بنانے کیلئے پرعزم ہے۔ بیان کے مطابق وزارت نیشنل فوڈ سیکیورٹی اینڈ ریسرچ طویل مدتی استحکام اور ترقی کیلئے پائیدار پالیسیوں کے ذریعے غذائی تحفظ کو یقینی بنانے، کسانوں کی مدد اور زراعت کو مضبوط بنانے کیلئے پرعزم ہے۔

بقیہ 10

کو تسلیم کرنے اور سراہنے پر ان کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ہمیشہ انسداد دہشت گردی کی کوششوں میں ایک کلیدی کردار ادا کرتا رہا ہے تاکہ دہشت گردوں اور شدت پسند گروہوں کو محفوظ پناہ گاہوں سے محروم کیا جا سکے اور کسی بھی ملک کے خلاف ان کی کارروائیوں کو روکا جا سکے۔ شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان دہشت گردی کے خاتمے کے لیے اپنی جدوجہد میں ثابت قدم اور پرعزم ہے۔ اس مقصد کے لیے پاکستان نے بے پناہ قربانیاں دی ہیں۔ 80,000 سے زائد بہادر فوجیوں اور شہریوں کی جانوں کا نذرانہ شامل ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان کی قیادت اور عوام کا عزم غیر متزلزل ہے اور ملک سے دہشت گردی کے خاتمے کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔ پاکستان خطے میں امن و استحکام کے قیام کے لیے امریکا کے ساتھ قریبی شراکت داری جاری رکھے گا۔

بقیہ 11

دے رہے ہیں اور اب انہیں ان کے شاندار تعلیمی کیریئر اور انتظامی صلاحیتوں کی بنیاد پر اس عہدے پر فائز کیا گیا ہے، پروفیسر رضوان نصیر عباسی کی تعیناتی پر مری کے سیاسی، سماجی، مذہبی اور صحافتی حلقوں نے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے اسے میرٹ پر مبنی فیصلہ قرار دیا ہے۔ مختلف شخصیات نے انہیں مبارکباد دیتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ وہ ادارے کی ترقی اور طلبہ کی بہتر تعلیمی سہولیات کے لئے بھرپور اقدامات کریں گے۔ اس موقع پر پروفیسر رضوان نصیر عباسی نے کہا میں ادارے کی بہتری، طلبہ کی علمی ترقی، اور تعلیمی معیار کی بلندی کے لئے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لاؤں گا۔ مری کے عوام اور تعلیمی حلقوں کے اعتماد پر پورا اترنے کی بھرپور کوشش کروں گا۔

بقیہ 12

نااہلی سے امید نو، انتشار سے استحکام اور ڈیفالٹ سے نجات پا کر معاشی استحکام کی طرف شاندار سفر طے کیا۔ 12 ماہ میں معاشی معجزے رونما ہوئے، مہنگائی 38 سے کم ہو کر 9 سال کی کم ترین سطح 1.5 فی صد پر آ گئی۔ مریم اورنگزیب نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) کی حکومت میں ہر نیا دن ملک و قوم کے خوشحال مستقبل کے خواب کو تعبیر کے قریب لاتا ہے۔ نواز شریف کی قیادت میں مسلم لیگ (ن) کی حکومت ہی وہ واحد جمہوری قوت ہے جو پاکستان کو ترقی دے سکتی ہے، یہ سچائی ایک بار پھر ثابت ہو چکی ہے۔ الحمدللہ

بقیہ 13

مبینہ ڈاکو کو ٹکر مار کر ہلاک کر دیا۔ ایس ایس پی ویسٹ طارق الٰہی مستوئی نے بتایا کہ سات سے زائد ملزمان نے ڈمپر کے ڈرائیور کو اسلحے کے زور پر لوٹنے کی کوشش کی، ڈرائیور امداد اللہ نے ملزمان کا پیچھا کیا اور ایک مبینہ ڈکیت کو ٹکر مار کر ہلاک کر دیا۔

بقیہ 14

اور چھت گر گئی۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور ریسکیو اداروں کی ٹیمیں جائے وقوع پر پہنچیں اور امدادی کارروائی شروع کی۔ دھماکے میں ایک خاتون سمیت 3 افراد جنکس کر زخمی ہو گئے، جنہیں طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔

بقیہ 15

پریس کلب کے سابق صدر خان لیاقت، سابق جوائنٹ سیکرٹری ڈاکٹر وقار احمد بٹ، راجہ معراج سمیت دیگر معزز شخصیات نے ان کے عمرہ کی سعادت حاصل کرنے پر خوشی کا اظہار کیا اور ان کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا اس موقع پر راجہ ازکار بھٹی نے اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے کہا، "دنیا کے کئی ممالک دیکھے، بے شمار مقامات کی سیر کی، مگر جو قلبی سکون اور روحانی راحت در مصطفیٰ ﷺ پر حاصل ہوئی، وہ کسی اور جگہ ممکن نہیں اہل علاقہ اور دوست احباب نے بھی راجہ ازکار بھٹی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ان کا یہ مبارک سفر قبول فرمائے اور انہیں بار بار یہ سعادت نصیب ہو۔

بقیہ 16

آر سے جاری بیان کے مطابق خوارجی عناصر نے بنوں کنٹونمنٹ پر دہشت گرد حملے کی کوشش کی، حملہ آوروں نے کنٹونمنٹ کی سکیورٹی توڑنے کی کوشش کی تاہم سکیورٹی فورسز نے فوری جوابی کارروائی کرتے ہوئے دہشتگردوں کے مذموم عزائم کو ناکام بنا دیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق سکیورٹی فورسز نے حملہ کرنے والے تمام 16 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا، ہلاک دہشتگردوں میں 4 خودکش حملہ آور بھی شامل تھے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق شدید جھڑپ میں 5 بہادر جوان دشمن کا مقابلہ کرتے ہوئے شہید ہو گئے جبکہ خودکش دھماکوں سے چھاؤنی کی دیوار کا ایک حصہ گر گیا، دھماکوں اور فائرنگ سے قریب واقع ایک مسجد اور ایک رہائشی عمارت شدید متاثر ہوئیں، مسجد اور عمارت کے متاثر ہونے سے 13 بے گناہ شہری شہید اور 32 زخمی ہو گئے۔ آئی ایس پی آر نے کہا ہے کہ خفیہ اطلاعات سے ثابت ہوا ہے کہ حملے میں افغان شہری ملوث تھے، شواہد ہیں حملے کی منصوبہ بندی اور قیادت افغانستان میں موجود خوارج سرغنوں نے کی۔ آئی ایس پی آر نے کہا ہے کہ پاکستان توقع کرتا ہے کہ افغان عبوری حکومت اپنی ذمہ داریاں نبھائیگی، توقع ہے افغان حکومت اپنی سرزمین پاکستان کے خلاف استعمال ہونے سے روکے گی، پاکستان سرحد پار سے آنے والے خطرات پر ضروری اقدامات کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔ آئی ایس پی آر نے بتایا ہے کہ پاکستان کی سکیورٹی فورسز دہشتگردی کے مکمل خاتمے کیلئے پرعزم ہیں، ہمارے بہادر سپاہیوں اور معصوم شہریوں کی قربانیاں اس عزم کو مزید تقویت دیتی ہیں، ہر قیمت پر اپنی قوم کی حفاظت کیلئے ہمارا عزم مضبوط ہے۔

بقیہ 17

یہ اعتراض ہے کہ ملٹری ٹرائل غیر جانبدار نہیں ہوتا۔ جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں 7 رکنی لارجر بینچ نے فوجی عدالتوں میں سویلینز کے ٹرائل سے متعلق کیس کی سماعت کی، جس میں سپریم کورٹ بار کے سابقہ عہدیداران کے وکیل عابد زبیری نے دلائل دیے۔ عابد زبیری نے عدالت کو بتایا کہ گزشتہ روز اٹارنی جنرل کی عدالت کو یقین دہانیوں کی خلاف ورزی کا ذکر کیا تھا۔ اٹارنی جنرل کی تحریری یقین دہانیوں کا ذکر 5 رکنی بینچ کے فیصلے میں موجود ہے۔ تحریری یقین دہانیاں جن متفرق درخواستوں کے ذریعے کرائی گئیں، ان کے نمبر بھی فیصلے کا حصہ ہیں۔ اپنے دلائل میں عابد زبیری نے کہا کہ جنرل ضیاالحق نے ایف بی علی کا ملٹری ٹرائل کیا۔ جنرل ضیاالحق نے 1978ء میں ایف بی علی کو چھوڑ دیا۔ جسٹس جمال مندوخیل نے ریمارکس دیے کہ جو کام ایف بی علی کرنا چاہ رہا تھا وہ ضیاالحق نے کیا۔ جسٹس محمد علی مظہر نے کہا کہ آرمی ایکٹ میں ملٹری ٹرائل کے لیے مکمل پروسیجر فراہم کیا گیا ہے۔ پروسیجر میں بنیادی حقوق کو تحفظ فراہم کیا گیا ہے۔ آرمی ایکٹ میں فراہم پروسیجر پر عمل نہ ہونا الگ بات ہے۔ پروسیجر پر عمل نہ ہو تو پھر اس کی دستیابی کوئی فائدہ نہیں۔ جسٹس محمد علی مظہر نے ریمارکس دیے کہ ملٹری کورٹ پر 2 اعتراض ہیں۔ ایک اعتراض ملٹری ٹرائل غیر جانبدار نہیں ہوتا، دوسرا اعتراض ٹرائل کرنے والوں پر قانونی تجربہ نہ ہونے کا لگایا گیا۔ وکیل عابد زبیری نے بتایا کہ ملٹری کورٹ ایگزیکٹو کا حصہ ہے۔ جس پر جسٹس محمد علی مظہر نے استفسار کیا کہ آرمی کا کیا کام ہوتا ہے۔ آرمی کے کام میں ایگزیکٹو کہاں سے آ گیا۔ عابد زبیری نے جواب دیا کہ آرمی کا کام سرحد پر لڑنا ہے۔ جسٹس جمال مندوخیل نے کہا کہ فوج کا کام ملک کا دفاع کرنا ہے۔ جسٹس محمد علی مظہر نے کہا کہ کیا آپ ملٹری کورٹ کو عدلیہ تسلیم کرتے ہیں؟۔ اگر عدلیہ تسلیم کرتے ہیں تو اس کے نتائج کچھ اور ہوں گے۔ اگر ملٹری کورٹ جوڈیشری ہے تو پھر وہ عدلیہ ہے۔ جسٹس منیب نے ملٹری کورٹ کو عدلیہ نہیں لکھا۔

بقیہ 19

کی موٹر سائیکل کو ٹکر میں 60 سالہ خاتون شریفاں بی بی جانبحق ہو گئی۔ سرگودھا 85 جھال کے قریب تصادم میں موٹر سائیکل سوار جان کی بازی ہار گیا۔ سرگودھا رینجن کے علاقہ میانوالی میں روڈ پر کھڑے ٹرک سے ٹکرا کر موٹر سائیکل سوار رفیع اللہ ہو گیا۔ بھکر سے ایم ایم روڈ پر چاندنی چوک کے قریب تیز رفتار گاڑی کی ٹکر سے پچاس سالہ شخص جاں بحق ہو گیا۔ جن کو ریسکیو کر کے ہسپتال منتقل کر دیا گیا اور متوفین کی نعشیں ضروری کارروائی کے بعد ورثا کے سپرد کر کے پولیس مصروف تفتیش ہے۔

بقیہ 20

انصاف (پی ٹی آئی) کے 52 کارکنوں کی ضمانت منظور کر لی۔ اسلام آباد کی انسداد دہشت گردی عدالت نے 5،5 ہزار روپے کے ضمانتی مچلکوں عوض پی ٹی آئی کے کارکنوں کی ضمانت بعد از گرفتاری منظور کرتے ہوئے 52 ملزمان کو ضمانت پر رہا کرنے کا حکم دیا۔ انسداد دہشت گردی عدالت اسلام آباد کے جج ابوالحسنات ذوالقرنین نے تحریری فیصلہ جاری کر دیا۔ فیصلے میں کہا گیا ہے کہ ریکارڈ کے مطابق درخواست گزار ملزمان ایف آئی آر میں نامزد نہیں۔ درخواست گزار ملزمان کو تفتیش مکمل ہونے کے بعد جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھیجا گیا۔ بادی النظر میں ملزمان کے خلاف مزید انکوائری کا کیس ہے۔ فیصلے کے مطابق ملزمان پر الزام کا تعین صرف شواہد ریکارڈ کرنے کے بعد کیا جا سکتا ہے۔ ملزمان کے وکیل کے مطابق ملزمان کا مقدمے کے ساتھ تعلق نہیں جوڑا جا سکا۔ پراسیکوٹر نے ضمانت کی مخالفت کرتے ہوئے کہا ملزمان گھناؤنے جرم میں ملوث ہیں۔ پراسیکوٹر کے مطابق ملزمان کو شناخت پریڈ میں گواہوں نے شناخت کیا۔ پراسیکوشن عدالت کو مطمئن کرنے میں ناکام رہی کہ ملزمان ضمانت کی شرائط پر عمل نہیں کریں گے۔ اس کا امکان نہیں کہ ملزمان انصاف کے نظام میں خلل ڈالنے کی کوشش کرے گے۔ اعلیٰ عدالتیں طے کر چکی ہیں کہ ضمانت سزا کے طور پر مسترد نہیں ہو سکتی۔ عدالت نے تمام 52 ملزمان کو ضمانت پر رہا کرنے کا حکم دیا۔

بقیہ 21

سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان کی زیر صدارت سول سیکرٹریٹ میں اجلاس ہوا جس میں صوبے میں ای گورننس اور پرائس کنٹرول اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ این او سی کے اجراء کیلئے غیر متعلقہ کاغذات کی طلبی کا کوئی جواز نہیں، تمام محکمے یقینی بنائیں این او سی کے آن لائن اجراء کیلئے صرف ضروری کاغذات طلب کئے جائیں، گورننس کی بہتری، کرپشن کا خاتمہ صرف ٹیکنالوجی کے ذریعے ہی ممکن ہے۔ چیف سیکرٹری نے ہدایت کی کہ خدمات کی آن لائن فراہمی کیلئے محکموں کی ڈیجیٹائزیشن کو جلد مکمل کیا جائے۔ زاہد اختر زمان نے صوبے میں ناجائز منافع خوروں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رکھنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ گراں فروشوں کے خلاف کارروائیوں سے متعلق رپورٹ روزانہ کی بنیاد پر بھجوائی جائی، قیمتوں میں استحکام کیلئے اضلاع میں ڈپٹی کمشنرز اشیاء کے نرخوں، طلب اور رسد کا تقابلی جائزہ لیں۔ انہوں نے کہا کہ رمضان المبارک میں عوام کو ریلیف کی فراہمی کیلئے انتظامی افسران اپنے فرائض عبادت سمجھ کر سرانجام دیں۔ اجلاس میں سیکرٹری پرائس کنٹرول اور چیئرمین پی آئی ٹی بی نے تفصیلی بریفنگ دی۔ سیکرٹری پرائس کنٹرول نے بتایا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر ماہ صیام میں اشیائے خوردونوش کی قیمتوں کی کڑی نگرانی کی جا رہی ہے، پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کو فیلڈ میں متحرک کر دیا گیا ہے، منگل کے روز صوبہ بھر میں 15 ہزار سے زائد انسپکشنز کی گئیں۔ چیئرمین پی آئی ٹی بی نے بتایا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق صوبہ میں ای گورننس کے فروغ کیلئے اقدامات کئے جا رہے ہیں، تمام ڈویژنل کمشنرز، ڈپٹی کمشنرز کے دفاتر کو ای فاس سے منسلک کر دیا گیا ہے۔ اجلاس میں سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو، چیئرمین پی اینڈ ڈی، تمام محکموں کے سیکرٹریز اور ڈائریکٹر جنرلز نے شرکت کی جبکہ ڈویژنل کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز ویڈیو لنک کے ذریعے شریک ہوئے۔

بقیہ 22

ڈسٹرکٹ کمپلیکس اسلام آباد کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آج کل گورننس نام کی کوئی چیز نہیں ہے، یہ ایک پکے کے ڈاکو بن گئے ہیں اور کچے کے ڈاکوؤں سے نہیں لڑ سکتے، روپے کے مقابلے میں ڈالر کا ایکسچینج ریٹ 165 روپے رکھا گیا، قرضوں کی ادائیگی 265 روپے میں ہوئی اور عوام کو 400 ارب کا ٹیکہ لگایا گیا۔ عمر ایوب نے کہا کہ یہ اس رجیم کی ناکامی ہے جس سے 1400 ارب روپے کا نقصان ہوا، آئین اور قانون کی بالادستی ہونی چاہیے، یہی تحریک انصاف کا مؤقف ہے، بانی پی ٹی آئی عمران خان، بشریٰ بی بی، شاہ محمود قریشی، ڈاکٹر یاسمین راشد سمیت دیگر قیادت پابند سلاسل ہے۔ اپوزیشن لیڈر نے کہا کہ ہم رمضان میں یہاں عدالت میں شوق سے نہیں ہیں، ہمارے اوپر سینکڑوں کی تعداد میں مقدمات ہیں، محسن نقوی 2 منٹ کے لیے قومی اسمبلی گئے اور پھر بھاگ گئے، وزیراعظم ہمارے سامنے نہیں بیٹھ سکتے، ہمارا سامنا نہیں کر سکتے۔

بقیہ 23

سکے۔ داتا دربار کے سامنے فٹ پاتھ گزشتہ کئی ماہ سے نشے کے عادی افراد کا مستقل ٹھکانہ بن چکا تھا جس کی وجہ سے شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا تھا۔ شہریوں کی شکایات کے بعد انتظامیہ نے اس مسئلے کا حل نکالنے کے لیے جنگلہ لگانے کا فیصلہ کیا ہے جس سے ان افراد کو فٹ پاتھ پر سونے سے روکا جا سکے گا۔ انتظامیہ کے مطابق جنگلہ لگانے سے نہ صرف نشے کے عادی افراد کو فٹ پاتھ پر سوئے جانے سے روکا جائے گ

ہمیں بغیر کسی انتظامی دباؤ کے منہ مانگے داموں چکن فروخت کرنے دیا جائے

چوآ سیدن شاہ کے چکن فروشوں نے سرکاری ریٹ لسٹ مسترد کرکے جزوی ہڑتال کردی

دوسری جانب چکن سمیت بیف مٹن فروٹ سبزی ہر چیز غریب عوام کی دسترس سے دور کردی گئی

چوآ سیدن شاہ (خاور شہزاد سے) ہمیں بغیر کسی انتظامی دباؤ کے منہ مانگے داموں چکن فروخت کرنے دیا جائے چوآ سیدن شاہ کے چکن فروشوں نے سرکاری ریٹ لسٹ مسترد کرکے جزوی ہڑتال کردی دوسری جانب چکن سمیت بیف مٹن فروٹ سبزی ہر چیز غریب عوام کی دسترس سے دور کردی گئی چوآ سیدن شاہ میں ماہ رمضان آتے اشیاء خوردونوش نوش کے ساتھ ساتھ مرغی کے گوشت کی قیمت آسمان کو چھونے لگی ماہ رمضان سے قبل چوآ سیدن شاہ میں 600 روپے فی کلو کی بجائے سات سو روپے فروخت ہونے والا چکن (بقیہ نمبر 29)

ہائیکورٹ جسٹس میں عالیہ نیلم لاہور ہائیکورٹ کے نئے ایڈیشنل جج راجہ غضنفر علی خان، تنویر احمد شیخ، طارق محمود باجوہ اور عمر گل خان سے انکے عہدوں کا حلف لے رہی ہیں

غریب عوام پنجاب بینک کے باہر ٹھوکریں کھانے پر مجبور

وزیراعلیٰ پنجاب کے امدادی پیکج کو دینے کے پنجاب بنک کے عملے کی جانب اکاؤنٹ کھلوانے کی فرمائش کی جانے لگی

ہم جو امدادی پیکیج پر گزارا کررہے ہیں ہم بینک اکاؤنٹ کہاں سے کھلوائیں سی ایم پنجاب سے شہریوں کا نوٹس لینے کا مطالبہ

گوجرخان (قمر شہزاد) پنجاب بینک کا عملہ وزیراعلیٰ مریم نواز کے امدادی پیکج کو کھلنے میں مصروف غریب عوام کی وزیراعلیٰ پنجاب سے نوٹس لینے کی اپیل تفصیلات کے مطابق وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے 10 ہزار روپے کے امدادی پیکج جو غریبوں کے لیے بینک ڈرافٹ کی صورت میں مستحق افراد کو دیے جارہے ہیں مگر پنجاب بینک نے وزیراعلیٰ کے دس ہزار روپے کے بنک ڈرافٹ (بقیہ نمبر 47)

جسقم آفیس رسالدار روڈ سے احتجاجی ریلی نکالی گئی

ضلع میں بدامنی بھتہ خوری بھتے کی پرچیاں موصول ہونے کو روکا جائے

کشمور (سید رشید احمد شاہ) جسقم آفیس رسالدار روڈ سے احتجاجی ریلی نکالی گئی ریلی گھنٹہ گھر چوک سے ہوتی ہوئی ایس ایس پی آفس کے گیٹ کے سامنے آکر احتجاجی دھرنا دیا گیا ضلع کشمور اور کندھ کوٹ شہر میں گزشتہ چار سال سے بدامنی کی آگ نہ بجھانے کی وجہ سے پورے ضلع کشمور میں ڈاکوؤں، جرائم پیشہ افراد، بھتہ خوروں، اہم چوروں کے ہاتھوں (بقیہ نمبر 30)

اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف انٹرنیشنل فری زونز اتھارٹی آف پوائے ای اور بورڈ آف انویسٹمنٹ آف پاکستان کے درمیان مفاہمت کی یادداشت کے تبادلے کررہے ہیں

خضدار میں قبائلی رہنماء پر سڑک کنارے بم کا دھماکہ، 4 افراد جاں بحق، 10 زخمی

خضدار (این این آئی) خضدار میں قبائلی رہنماء پر سڑک کنارے بم کا دھماکہ 4 افراد جاں بحق 10 زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق بدھ کو خضدار کی تحصیل نال میں عبدالصمد سالانی ایک گیراج میں اپنی گاڑی ٹھیک کروا رہے تھے کہ اچانک ان کے قریب بم کا دھماکہ ہوا جس کے نتیجے میں ابراہیم، نادر (بقیہ نمبر 31)

غریب کی روزی روٹی کا خیال رکھا جائے، عوامی حلقے

جب تک پرائس کنٹرول کرنے کا میکنزم درست نہیں کیا جاتا مہنگائی کنٹرول ہونا ممکن نہیں

پنڈ دادن خان میونسپل کمیٹی کے چیف آفیسر کا دورہ اپنے لشکر کے ساتھ بازار میں داخل ہوئے چند مسکین دوکاندار کا شکار کیا ان کو جرمانہ کرکے انٹیلیجنسی دیکھاتے دفتر پہنچ گئے ایک دوکاندار کی خرید دو سو روپے ہے اس کو سو روپے فروخت کرنے کا پابند کیا جارہا ہے عجیب صورتحال کا سامنا ہے پرائس کمیٹیاں اپنا کردار ادا کرنے سے قاصر ہیں مارکیٹ (بقیہ نمبر 41)

کرایہ داری ایکٹ کی خلاف ورزی پر 4 ملزمان گرفتار، مقدمات درج

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے کرایہ داری ایکٹ کی خلاف ورزی کرنے والے 4 ملزمان گرفتار کرکے مقدمات درج کرلئے۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او سید خالد ہمدانی کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس نے مختلف علاقوں میں سرچ آپریشنز کیے، سرچ آپریشنز میں گھروں، کرایہ داروں کے کرایہ داری اور شہریوں کے کوائف کو چیک کیا گیا، سرچ آپریشنز کے دوران راولپنڈی پولیس نے کرایہ داری ایکٹ کی خلاف ورزی کرنے والے 4 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔

منیجنگ ڈائریکٹر پاکستان بیت المال (PBM)، سینیٹر کیپٹن شاہین خالد بٹ، اسلام آباد کے سیکٹر G-9/4 میں واقع شیلٹر ہوم میں افطار کے لیے موجود مستحقین سے گفتگو کررہے ہیں

راولپنڈی، منشیات بیچنے پر 4 ملزمان گرفتار

ملزمان کے قبضے سے 3 کلو سے زائد چرس برآمد، مقدمات درج

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے منشیات سپلائر کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 4 ملزمان گرفتار کرکے 3 کلو سے زائد چرس برآمد کرلی۔ تفصیلات کے مطابق صدر واہ پولیس نے ملزم عامر کو گرفتار کرلیا، ملزم سے 01 کلو 600 گرام چرس برآمد ہوئی،

گوجرخان پولیس کی کارروائی، قتل و اقدام قتل مقدمہ میں مطلوب ملزم گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) گوجرخان پولیس نے قتل و اقدام قتل کے مقدمہ میں مطلوب ملزم گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق گوجرخان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے قتل و اقدام قتل کے مقدمہ میں مطلوب ملزم راحت ایوب کو گرفتار کرلیا، ملزم راحت ایوب نے ساتھیوں کے ہمراہ گلی پختہ کرنے کے تنازعہ پر فائرنگ کرکے ارشد محمود کو قتل جبکہ 5 افراد کو زخمی کردیا تھا، واقعہ کا مقدمہ دسمبر 2024 تھانہ گوجرخان میں درج کیا۔

راولپنڈی، آرائے بازار پولیس کی زبردست کارروائی

سٹریٹ کرائم میں ملوث ملزم گرفتار موٹر سائیکل اور مسروقہ رقم 12 ہزار 500 برآمد

راولپنڈی (این این آئی) آرائے بازار پولیس نے سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث ملزم گرفتار کرکے چھینا گیا موٹر سائیکل اور مسروقہ رقم 12 ہزار 500 برآمد کرلی۔ تفصیلات کے مطابق آرائے بازار پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث ملزم ثاقب کو گرفتار کرلیا، ملزم سے چھینا گیا موٹر سائیکل اور مسروقہ (بقیہ نمبر 48)

زیر تفتیش مقدمات کو میرٹ پر یکسو کیا جائے، ایس ایس پی آپریشنز

ایف آئی آر کے اندراج کیلئے ٹائم لائن پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں

راولپنڈی (این این آئی) ایس ایس پی آپریشنز کاشف ذوالفقار نے افسران کو ہدایت کی ہے کہ زیر تفتیش مقدمات کو میرٹ پر یکسو کرکے چالان کی بروقت تکمیل کی جائے اور ایف آئی آر کے اندراج کیلئے ٹائم لائن پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی آپریشنز کاشف ذوالفقار کی زیر صدارت پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں میٹنگ کا انعقاد کیا گیا، میٹنگ میں ڈی ایس پی لیگل اور تھانوں کے محرران نے شرکت (بقیہ نمبر 42)

چین کی اعلیٰ معیار کی ترقی زیادہ مواقع کو جنم دے رہی ہے، سی ای او جرمن لاجسٹکس

فرینکفرٹ (شنہوا) چین کی اختراع اور ترقی بہت "قابل ستائش" ہیں اور اس کی اعلیٰ معیار کی ترقی سے متعلق حکمت عملی مزید بڑے مواقع پیدا کرے گی۔ معروف جرمن انٹرالاجسٹکس حل مہیا کرنے والی کمپنی کیون گروپ کے سی ای او روب اسمتھ نے شنہوا کے ساتھ ایک انٹرویو میں کہا کہ دنیا کی سب سے بڑی مواد کو سنبھالنے والی منڈی کے طور پر چین مضبوط ترقی کے ساتھ ایک "مقامی منڈی" ہے۔ اسمتھ نے کہا کہ کیون گروپ کے لئے (بقیہ نمبر 32)

جھگی میں آگ لگنے سے چار کمسن بچے جاں بحق، 60 سالہ خاتون زخمی

60 سالہ خاتون نے چائے بنانے کیلئے آگ لگائی تھی کہ یہ واقعہ پیش آگیا، ذرائع

بہاولپور (این این آئی) چولستان میں جھگی میں آگ لگنے سے چار کمسن بچے جاں بحق اور 60 سالہ خاتون بری طرح جھلس گئی۔ ذرائع کے مطابق چولستان قلعہ ڈیرآور کے نزدیک جھگی میں آتشزدگی کا واقعہ پیش آیا جس میں چار معصوم بچے جھلس کر جاں بحق ہوگئے جبکہ 60 سالہ خاتون جھلس کر شدید زخمی ہوگئے جسے ہسپتال منتقل کردیا گیا۔ پولیس کے (بقیہ نمبر 33)

چین نجی اداروں کے لئے قرض کو آسان بنائے گا، حکام

بیجنگ (شنہوا) چین نجی کاروباری اداروں، مائیکرو اور چھوٹے اداروں کے لئے قرض سہولیات کو آسان بنانے سے متعلق کوششیں تیز کرے گا۔ چین کی قومی مالیاتی ضابطہ کار انتظامیہ کے سربراہ لی یون زے نے بدھ کے روز قومی قانون ساز ادارے کیجاری اجلاس کے موقع پر کہا کہ چین نجی اداروں کو دیئے جانے والے قرض میں اضافہ کرے گا (بقیہ نمبر 35)

ڈگری میں مبینہ نوسر باز فیملی دھر لی گئی

جیولر شاپ کے مالک نے فیملی پر سونا چوری کرنے کا الزام لگایا

ڈگری (رپورٹ محمد عاصم آرائیں) ڈگری میں مبینہ نوسر باز فیملی دھر لی گئی جیولر شاپ کے مالک نے فیملی پر سونا چوری کرنے کا الزام لگایا۔ تفصیل کے مطابق ڈگری میں مبینہ طور پر ایک نوسر باز فیملی کو جیولر شاپ کے مالکان نے چوری کا الزام لگا کر پولیس کے حوالے کردیا دقاص نامی جیولر نے الزام عائد کیا کہ کئی دن پہلے ایک میاں بیوی آٹھ سالہ بچے (بقیہ نمبر 34)

اسلام آباد: باوقار جنوبی ایشیائی صحافتی پروگرام کے ایک حصے کے طور پر ہونہار پاکستانی صحافیوں کا ایک گروپ برطانیہ کی ویسٹ منسٹر یونیورسٹی میں دو ماہ کی گہری تربیت کے لیے تیار ہے۔ یہ رفاقت، برطانیہ کے شیوننگ اسکالرشپس کا حصہ ہے، جمہوری عمل اور تفتیشی پرتوجہ مرکوز کرتی ہے

آئی ایم ایف کا اخراجات میں کمی کیلئے اصلاحاتی اقدامات پر فوری عمل کا مطالبہ

ریونیو شارٹ فال پر کوئی گنجائش نہیں، آئندہ سہ ماہی میں 300 ارب کا شارٹ فال پورا کیا جائے، آئی ایم ایف

آئی ایم ایف کے وزارت توانائی و پیٹرولیم کے ساتھ مذاکرات میں پاور اور پیٹرولیم سیکٹر کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا

اسلام آباد: ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان تھائی لینڈ میں مقیم پاکستانیوں سے خطاب کررہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) آئی ایم ایف نے اخراجات میں کمی کیلئے حکومت سے اصلاحاتی اقدامات پر فوری عمل کا مطالبہ کردیا۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف سے کیبنٹ ڈویژن، وزارت خزانہ اور سیکرٹری کیبنٹ کے رائٹ سائزنگ پر مذاکرات ہوئے جس میں آئی ایم ایف نے اخراجات میں کمی کیلئے رائٹ سائزنگ اقدامات پر بروقت عملدرآمد کرنے کا مطالبہ کردیا۔ آئی ایم ایف نے آئندہ سہ ماہی میں ریونیو شارٹ فال پورا کرنے کیلئے پلان بھی طلب کرلیا۔ وفد نے کہا کہ ریونیو شارٹ فال پر کوئی گنجائش نہیں، (بقیہ نمبر 49)

بجلی چوروں اور نادہندگان کیخلاف کارروائیاں جاری

4803 بجلی چوروں کو 41 کروڑ 85 لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد

2 لاکھ سے زائد نادہندگان سے 6 ارب 21 کروڑ کے واجبات کی ریکوری

بجلی چور اور نادہندگان مستحکم پاکستان کی راہ میں بڑی رکاوٹ ہیں، ترجمان آئیسکو

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) جہاں ماہ رمضان المبارک میں معزز صارفین کو بجلی کی بلاتعطل فراہمی کے لئے کوشاں ہے وہیں مستحکم پاکستان کی راہ میں رکاوٹ بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف بھی تسلسل سے کاروائیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق بجلی چوروں کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کے دوران ستمبر 2023 سے تمام آپریشن سرکلز بشمول اسلام آباد، راولپنڈی سٹی، راولپنڈی کینٹ، جہلم، اٹک اور چکوال میں پولیس اور دیگر لا انفورسمنٹ اداروں کے تعاون (بقیہ نمبر 43)

جاتلی پولیس کی کارروائی، بھائی کو قتل کرنیوالا اشتہاری مجرم گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) جاتلی پولیس نے سگے بھائی کو قتل کرنے والا اشتہاری مجرم گرفتار کرلیا، اشتہاری عامر نے گھر میں دیوار تعمیر کرنے کے تنازعہ پر فائرنگ کرکے اپنے بھائی عثمان کو قتل کردیا تھا۔ تفصیلات کے مطابق جاتلی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے اپنے سگے بھائی کو قتل کرنے والے اشتہاری مجرم عامر کو گرفتار کرلیا، اشتہاری عامر نے گھر میں دیوار تعمیر کرنے کے تنازعہ پر فائرنگ کرکے اپنے بھائی عثمان کو قتل کر دیا (بقیہ نمبر 51)

کلرسیداں پولیس کی کارروائی، خاتون سے زیادتی کرنیوالا ملزم گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) کلرسیداں پولیس نے خاتون سے زیادتی کرنے والا ملزم گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق کلرسیداں پولیس کو متاثرہ خاتون نے درخواست دی کہ ملزم عدیل نے زیادتی کی اور ویڈیو بنا کر بلیک میل کر کے رقم و زیورات لیے، کلرسیداں پولیس نے خاتون کی درخواست پر مقدمہ درج کرکے ملزم عدیل کو گرفتار کرلیا، متاثرہ خاتون کا میڈیکل پراسیس کروایا گیا ہے۔ ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر نے کہا کہ (بقیہ نمبر 53)

جواں سالہ تاجر کے اندھے قتل کی گھتیاں سلجھالیں

بادشاہ کڑاہی کے مالک کو قتل کرنے والے دو ملزمان گرفتار کرلیا گیا

گوجرخان (قمر شہزاد) پولیس تھانہ گوجرخان کی اہم کاروائی حبیب چوک بادشاہ کڑاہی کے اوزر کے قتل کیس میں اہم پیش رفت دو ملزمان گرفتار آلہ قتل برآمد ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر نے پولیس تھانہ گوجرخان کی کارکردگی کو سراہا اور شاباش دیتے ہوئے (بقیہ نمبر 50)

جنوبی پنجاب سیکرٹریٹ کی ناقص کارکردگی پر برہمی کا اظہار

اخراجات کی انکوائری کا حکم، جیل میں قیدیوں کے ہفتہ وار مینیو کی تفصیلات طلب

لاہور (این این آئی) پبلک اکاؤنٹس کمیٹی ون نے جنوبی پنجاب سیکرٹریٹ کی ناقص کارکردگی پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے اخراجات کی انکوائری کا حکم دیدیا، کمیٹی نے جیل میں قیدیوں کے ہفتہ وار مینیو کی تفصیلات طلب کرتے ہوئے سرکاری گھروں پر قابض افسران کے خلاف انکوائری کا بھی حکم دیدیا۔ قائد حزب اختلاف و چیئرمین ملک احمد خان بھچر کی زیر صدارت پبلک اکاؤنٹس کمیٹی ون کا اجلاس ہوا۔ اجلاس میں ملک حسن، رانا اقبال، افتخار (بقیہ نمبر 44)

وزیر صنعت و تجارت پنجاب چوہدری شافع حسین گورنمنٹ ہسپتال گجرات میں جدید طبی سہولیات کا جائزہ لے رہے ہیں

شہری کو فائرنگ کرکے زخمی کرنیوالا اشتہاری دبئی سے گرفتار

ملزم نے لڑائی جھگڑے سے منع کرنے پر شہری حسن شوکت کو فائرنگ کرکے زخمی کیا تھا

راولپنڈی (این این آئی) صادق آباد کے علاقہ میں شہری کو فائرنگ کرکے زخمی کرنے والا اشتہاری مجرم محمد رمیض کو دبئی سے گرفتار کرلیا گیا، اشتہاری مجرم نے مئی 2023 میں لڑائی جھگڑے سے منع کرنے پر شہری حسن شوکت کو فائرنگ کرکے زخمی (بقیہ نمبر 52)

بالی: بالی انڈونیشیا میں ایک گروپ فوٹو میں ورزش KOMODO-25 کے شرکاء

بھارت نے چیمپئنز ٹرافی کے انتظامات کو زبردست قرار دیدیا

پاکستان میں آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کے انتظامات بہت زبردست ہیں، نائب صدر بی سی سی آئی راجیو شکلا

بھارتی ٹیم کے پاکستان آنے کا فیصلہ بھارتی حکومت نے کرنا ہے، انڈین ٹیم حکومت کی اجازت کے بغیر پاکستان نہیں آسکتی

لاہور (این این آئی) بھارتی کرکٹ بورڈ کے نائب صدر راجیو شکلا نے چیمپئنز ٹرافی کے انتظامات کو زبردست قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان میں آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کے انتظامات بہت زبردست ہیں، بھارتی ٹیم کے پاکستان آنے کا فیصلہ بھارتی حکومت نے کرنا ہے، انڈین ٹیم حکومت کی اجازت کے بغیر پاکستان نہیں آسکتی، چیمپئنز ٹرافی شروع ہونے سے پہلے تمام معاملات طے (بقیہ نمبر 36)

راولپنڈی پولیس کے مختلف علاقوں میں سرچ آپریشن

گھروں، کرایہ داروں، دکانوں، کباڑ خانوں، گوداموں سمیت شہریوں کے کوائف کی چیکنگ

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے مختلف علاقوں میں سرچ آپریشنز کے دوران گھروں، کرایہ داروں، دکانوں، کباڑ خانوں، گوداموں سمیت شہریوں کے کوائف کو چیک کیا۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او سید خالد ہمدانی کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس کے مختلف علاقوں میں سرچ آپریشنز، سرچ آپریشنز تھانہ سٹی، رتہ امرال، بنی، پیرودھائی، گنجمنڈی، صادق آباد، نیو ٹاؤن، وارث خان، سول لائن، ائیرپورٹ، مورگاہ، کینٹ، (بقیہ نمبر 54)

راولپنڈی مختلف علاقوں میں سرچ آپریشن کررہی ہے

کسٹمز نے ائیرپورٹ پر کارروائی کرتے ہوئے کروڑوں روپے کا سامان ضبط کرلیا

لاہور (این این آئی) لاہور ایئرپورٹ پر کسٹمز نے خفیہ اطلاعات پر بڑی کاروائی کرتے ہوئے بیرون ممالک سے آنے والی مختلف پروازوں سے غیر قانونی کروڑوں روپے کا سامان ضبط کرلیا۔ کلیکٹر کسٹم طیبہ کیانی نے خفیہ اطلاع پر بیرون ملک سے آنے والی مختلف پروازوں پر کاروائی کی۔ کاروائی میں کروڑوں روپے کی ادویات اور زعفران ضبط کی گئی۔ (بقیہ نمبر 38)

نامعلوم افراد نے فائرنگ کرکے حساس ادارے کے افسر کو شہید کردیا

قانون نافذ کرنے والے اداروں نے سراغ لگانے کیلئے علاقے میں سرچ آپریشن کردیا

پشاور (این این آئی) پشاور میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کرکے حساس ادارے کے انسپکٹر شاہد انور ولد عبدالحنان شہد کردیا۔ رپورٹ کے مطابق واقعہ پشاور کے تھانہ مچنی گیٹ کی حدود میں عزیز ٹاؤن کے علاقے میں پیش آیا جہاں نامعلوم افراد نے فائرنگ کرکے حساس ادارے کے افسر کو شہید کیا۔ پولیس افسران نے مقامی پولیس کے ہمراہ فوری موقع پر پہنچ کر لاش کو پوسٹ مارٹم کیلئے منتقل کر دیا۔ رپورٹ کے مطابق قانون نافذ کرنے والے (بقیہ نمبر 37)

گوجرخان پولیس کی کارروائی، شہری کو قتل کرنیوالے 2 ملزمان گرفتار

ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کرکے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی

راولپنڈی (این این آئی) گوجرخان پولیس نے شہری کو قتل کرنے والے 2 ملزمان گرفتار کرلئے، ملزمان نے ذاتی رنجش پر منصوبہ بندی کرکے شہریار کو قتل کردیا تھا۔ تفصیلات کے مطابق گوجرخان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے چند یوم قبل شہری کو قتل کرنے والے 2 ملزمان کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان میں حسن اور ذیشان شامل ہیں، ملزمان نے ذاتی رنجش پر منصوبہ بندی کرکے شہریار کو قتل کردیا تھا، واقعہ کا مقدمہ مقتول کے والد کی مدعیت میں درج کیا

راولپنڈی، توہین رسالت ﷺ کیس کا بڑا فیصلہ، مجرم کو عمر قید، 5 لاکھ روپے جرمانے کی سزا

راولپنڈی (این این آئی) عدالت نے توہین رسالت ﷺ کیس میں بڑا فیصلہ سناتے ہوئے مجرم کو عمر قید اور 5 لاکھ روپے جرمانہ کی سزا دے دی۔ رپورٹ کے مطابق ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج عرفان اکرم نے توہین رسالت ﷺ کیس کا اہم فیصلہ سنا دیا۔ اپنے فیصلے میں عدالت نے کہا کہ یہ انتہائی گھناؤنا اور ناقابل معافی جرم ہے، اس طرح کے جرم کا ارتکاب کرنے والے مجرم کو کسی قسم کی رعایت (بقیہ نمبر 39)

جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کیلئے موثر کریک ڈاؤن جاری

سنگین جرائم میں ملوث چار مجرمان سمیت 12 جرائم پیشہ عناصر گرفتار

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے سنگین جرائم میں ملوث چار مجرمان سمیت 12 جرائم پیشہ عناصر گرفتار کرکے بھاری مقدار میں منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارلحکومت میں شہریوں کی جان و مال (بقیہ نمبر 40)

سابقہ ریکارڈ یافتہ مجرمان کی کڑی نگرانی کریں

ایس ایس پی آپریشنز کی اسلحہ کی نمائش، قبضہ مافیا، پتنگ بازی کیخلاف بلاتفریق کارروائیاں عمل میں لانے کی ہدایت

جرائم پیشہ عناصر کی بیخ کنی کے لئے تمام تر وسائل بروئے کار لائے جائیں، ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد محمد شعیب خان

اسلام آباد (این این آئی) ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد محمد شعیب خان نے افسران کو اسلحہ کی نمائش، قبضہ مافیا اور پتنگ بازی کیخلاف بلا تفریق کارروائیاں عمل میں لانے اور سنگین جرائم میں ملوث مجرمان اشتہاریوں کی گرفتاری کو یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے۔ تفصیلات کے مطابق سینئر سپرنٹینڈنٹ آف پولیس آپریشنز اسلام آباد محمد شعیب خان کی زیر صدارت کرائم کے حوالے سے سواں زون کے افسران سے اہم اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں ایس پی سواں زون پری گل ترین، ایس ڈی (بقیہ نمبر 54)

پولیس مقابلے میں بین الاضلاعی کار چور ہلاک

تھانہ کینٹ کے علاقہ سے چرائی گئی مہران کار اور اسلحہ برآمد

راولپنڈی (این این آئی) کینٹ سے کار چوری کرکے فرار ہوتے ملزمان نے صدر واہ کے علاقہ میں پولیس پارٹی پر فائرنگ کردی، فائرنگ کے دوران بین الاضلاعی کار چور ہلاک جبکہ ملزم کے ساتھی فرار ہوگئے، تھانہ کینٹ کے علاقہ سے چرائی گئی مہران کار اور اسلحہ برآمد کرلیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق پولیس نے کینٹ کے علاقہ سے چوری ہونے والی گاڑی کو روکنے کی کوشش کی تو ملزمان نے گاڑی بھگا دی، تعاقب کرنے پر ملزمان نے پولیس پر فائرنگ کی، فائرنگ کے دوران بین الاضلاعی کار چور ہلاک جبکہ ملزم کے ساتھی فرار ہو گئے، تھانہ کینٹ کے علاقہ سے چرائی گئی مہران کار اور اسلحہ برآمد ہوا، ہلاک ملزم کی شناخت جاوید (بقیہ نمبر 55)

ہمیں بغیر کسی انتظامی دباؤ کے منہ مانگے داموں چکن فروخت کرنے دیا جائے

چوآ سیدن شاہ کے چکن فروشوں نے سرکاری ریٹ لسٹ مسترد کرکے جزوی ہڑتال کردی

دوسری جانب چکن سمیت بیف مٹن فروٹ سبزی ہر چیز غریب عوام کی دسترس سے دور کردی گئی

چوآ سیدن شاہ (خاور شہزاد سے) ہمیں بغیر کسی انتظامی دباؤ کے منہ مانگے داموں چکن فروخت کرنے دیا جائے چوآ سیدن شاہ کے چکن فروشوں نے سرکاری ریٹ لسٹ مسترد کرکے جزوی ہڑتال کردی دوسری جانب چکن سمیت بیف مٹن فروٹ سبزی ہر چیز غریب عوام کی دسترس سے دور کردی گئی چوآ سیدن شاہ میں ماہ رمضان آتے اشیاء خوردونوش نوش کے ساتھ ساتھ مرغی کے گوشت کی قیمت آسمان کو چھونے لگی ماہ رمضان سے (بقیہ نمبر 46)

آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی کھلی کچہری

شہریوں و پولیس افسران کے مسائل سن کر حل کیلئے افسران کو ہدایات جاری

اسلام آباد (این این آئی) آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے سنٹرل پولیس آفس اسلام آباد میں کھلی کچہری کے دوران شہریوں اور پولیس افسران کے مسائل سن کر حل کیلئے متعلقہ افسران کو موقع پر ہی ہدایات جاری کیں۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے سنٹرل پولیس آفس اسلام آباد میں "اوپن ڈور پالیسی کے تحت" کھلی کچہری کا انعقاد کیا، آئی جی اسلام آباد نے شہریوں اور پولیس افسران کے مسائل سنے۔

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر
صرف 5000/- روپے میں
اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ
ہم سے بنوائیں۔
وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ
News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website
Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup
ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا
سی پینل اور ورڈپریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے
یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے
Call / Whatsapp
0309-7900035
E-Commerce Website
Price: 6000/-

فوری ضرورت
عوامی للکار
کو ملک بھر کے چھوٹے بڑے شہروں سے
نمائندگان و بیورو چیف درکار ہیں
خواہشمند امیدوار رابطہ کریں۔
0312-7786354
www.awamilalkaar.com